

https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | منگل 22 ستمبر 2026ء | 8 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 160

dailybalochistanobserver@gmail.com

سکیورٹی فورسز کی کے پی اور پاک افغان سرحدی علاقے میں بھارتی پراکسی فتن الخوارج کیخلاف کارروائیاں، 19 دہشتگرد ہلاک

شہریوں کی سلامتی اور تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، یہ انتہائی تشویش کا باعث ہے کہ افغانستان بدستور دہشتگردی کا مرکز بنا ہوا ہے

20 ستمبر کو کوہاٹ اور ہنگو میں دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی گئیں، متعدد دہشتگرد زخمی ہوئے، وزارت اطلاعات

پشاور(این این آئی)سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع اور پاک افغان سرحدی علاقے میں بھارتی پراکسی یافتہ فتن الخوارج کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 37 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔وزارت اطلاعات کے مطابق خیبر پختونخوا میں حالیہ دہشتگرد حملوں کے بعد منظم اور جامع انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی گئیں، سکیورٹی فورسز نے کوہاٹ، ہنگو اور ٹل کے علاقوں میں کارروائیاں کیں۔صوبائی وزارت اطلاعات کے مطابق حملوں کی ذمہ دار دہشتگرد تنظیموں کے ٹھکانوں اور محفوظ پناہ گاہوں پر فضائی کارروائیاں کی گئیں، 20 ستمبر کو کوہاٹ اور ہنگو میں دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی گئی۔وزارت اطلاعات کے پی کے مطابق کارروائی میں بھارتی پراکسی فتن الخوارج کے (بقیہ 2صفحہ 3پر)

افغان ہمارے ازلی دشمن بھارت کے ساتھ بیٹھے دکھائی دے رہے ہیں، خواجہ آصف

پاکستانی طلبہ کی افغان طلبہ سے یکجہتی محبت سے زیادہ ان کے سیاسی رجحانات کی عکاس ہے

ایک سیاسی جماعت کی محبت میں اتنا آگے نہ جائیں کہ پاکستانی خون آپ کو سستا لگنے لگے، وزیر دفاع کی گفتگو

اسلام آباد(این این آئی)وزیر دفاع خواجہ آصف نے افغان طلبہ کے حق میں سرگرم طلبہ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی طلبہ کی افغان طلبہ سے یکجہتی محبت سے زیادہ ان کے سیاسی رجحانات کی عکاس ہے۔ایک بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ ہماری مساجد، اسکولوں اور فوج پر حملے کرنے والے دہشتگردوں میں 70 سے 80 فیصد افغان ہوتے ہیں، افغان ہمارے ازلی دشمن بھارت کے ساتھ (بقیہ 1صفحہ 3پر)

دو ماہ میں ترسیلات زر 6.4ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، احسن اقبال کا دعویٰ

حکومت کی توجہ برآمدات میں پائیدار اضافے اور معیشت کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرنے پر مرکوز ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ دو ماہ میں ترسیلات زر 6.4ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، حکومت کی توجہ برآمدات میں پائیدار (بقیہ 5صفحہ 3پر)

وزیر اطلاعات کا سی ایم ایچ کا دورہ، زخمیوں سے ملاقات

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پوری قوم قانون نافذ کرنے والے اداروں کیساتھ کھڑی ہے، عطاء تارڑ

کوہاٹ(این این آئی)وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے سی ایم ایچ کوہاٹ کے دورے کے موقع پر کوہاٹ واقعہ میں زخمی ہونے والے افراد سے فردا فردا ملاقات کی اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا (بقیہ 6صفحہ 3پر)

روس کے حملے کا جواب دینے کیلئے تیار ہیں، نیٹو

برسلز(این این آئی)نیٹو کے اعلیٰ فوجی کمانڈر ایڈمرل جوزیپے کاوو ڈریگونے نے کہا ہے کہ نیٹو روس کی جانب سے (بقیہ 7صفحہ 3پر)

ایران کیلئے مذاکرات کی میز پر واپس آنے کا دروازہ اب بھی کھلا ہے، امریکا

نیویارک(این این آئی)اقوام متحدہ میں امریکی نمائندے مائیک والٹز نے کہا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ اس بات پر (بقیہ 8صفحہ 3پر)

صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی سے وائس چانسلر تربت یونیورسٹی ڈاکٹر گل حسن ملاقات کر رہے ہیں

عطا اللہ تارڑ کا وفد کے ہمراہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کا دورہ

وزیر اطلاعات نے نائب مہتمم حضرت مولانا حامد الحق شہید، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس شہید کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا

اکوڑہ خٹک (این این آئی)وفاقی وزیر برائے اطلاعات جناب عطاء اللہ تارڑ کا قومی وصوبائی پیغام امن کمیٹی کے اراکین کے ہمراہ دارالعلوم حقانیہ کا دورہ کیا۔انہوں نے جمعیت علمائے اسلام (س) کے امیر مولانا عبدالحق ثانی، جامعہ حقانیہ کے نائب مہتمم مولانا راشد الحق سمیع، مولانا سید محمد یوسف شاہ، مولانا عرفان الحق، مولانا لقمان الحق اور دارالعلوم کے دیگر (بقیہ 9صفحہ 3پر)

ریاست دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں' سرفراز بگٹی

امن و استحکام کے قیام کیلئے سکیورٹی فورسز کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں

کوئٹہ(خ ن)وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پنجگور کے علاقے اپھان کوہ، پروم میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔پنجگور کے علاقے اپھان کوہ، پروم میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سکیورٹی فورسز نے کارروائی جس کے نتیجے میں چار دہشت گرد ہلاک ہوئے۔کارروائی (بقیہ 10صفحہ 3پر)

پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان 6 کروڑ 50 لاکھ یورو کے معاہدوں پر دستخط

پنجاب اور سندھ میں متبادل اور تجارتی تنازعات کے حل کا نظام مضبوط کیا جائے گا۔ پروگرام کے نتیجے میں یورپی اور دیگر غیر ملکی کمپنیوں کی پاکستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی بڑھنے کی توقع ہے

منصوبے کے تحت ٹیکس نظام اور طویل مدتی مالیاتی منصوبہ بندی بہتر بنائی جائے گی، حکام' وزارت اقتصادی امور کے مطابق معاہدوں پر سیکرٹری اقتصادی امور محمد حمیر کریم اور یورپی یونین کے سفیر ریمونڈاس کروبلیس نے دستخط کیے

اسلام آباد(این این آئی)پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان 6 کروڑ 50 لاکھ یورو کے معاہدوں پر دستخط ہوگئے، جن کے تحت ملک میں 3 اہم ترقیاتی پروگرام شروع کیے جائیں گے۔وزارت اقتصادی امور کے مطابق معاہدوں پر سیکرٹری اقتصادی امور محمد حمیر کریم اور یورپی یونین کے سفیر ریمونڈاس کروبلیس نے دستخط کیے۔ان پروگراموں سے سرمایہ کاری، قانون کی حکمرانی اور کاروباری ماحول کو تقویت ملے گی۔حکام کے مطابق اس مالی معاونت کے ذریعے توانائی اور ماحولیاتی استحکام کے اقدامات بھی آگے بڑھیں گے، جبکہ گلوبل گیٹ وے پروگرام پاکستان میں غیرملکی سرمایہ کاری کی راہ ہموار کرے گا۔منصوبے کے تحت ٹیکس نظام اور طویل مدتی مالیاتی منصوبہ بندی بہتر بنائی جائے گی۔خیبر پختونخوا کے آف گرڈ دیہی علاقوں میں قابل تجدید توانائی کو فروغ دینے کے ساتھ صوبے کے توانائی شعبے میں نجی سرمایہ کاری اور شراکت بھی بڑھائی جائے گی (بقیہ 3صفحہ 3پر)

مولانا فضل الرحمان نے پارلیمنٹ کے ان کیمرا اجلاس کا مطالبہ کر دیا

اسلام آباد(این این آئی)سربراہ جمعیت علما اسلام (ف)مولانا فضل الرحمان نے پارلیمنٹ کا ان کیمرا اجلاس بلانے کا مطالبہ کر دیا۔پیر کو یہاں پریس کانفرنس کے دوران مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ کچھ جماعتوں نے احتجاج کا اعلان کیا تو وفاقی دارالحکومت (بقیہ 13صفحہ 3پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وائس چانسلر گوادر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر اور وائس چانسلر تربت یونیورسٹی ڈاکٹر گل حسن بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے عوام کیلئے بڑی سہولت، سریاب تا کچلاک جناح پیپلز ٹرین چلانے کی تیاری مکمل

جناح پیپلز ٹرین بلوچستان کے عوام کیلئے سفری سہولت کی فراہمی اور صوبے کو ریلوے نیٹ ورک سے مزید مضبوطی سے جوڑنے کی اہم کاوش ہے

سریاب، کچلاک، شیخ ماندا، بلیلی، جی او آر ہالٹ اور کوئٹہ سمیت اسٹیشنز پر سہولیات کی بہتری اور اپ گریڈیشن کا کام کیا گیا' کیرج فیکٹری میں جناح پیپلز ٹرین کی کوچز 4ماہ کی ریکارڈ مدت میں تیار کی گئیں، رپورٹ جاری

کوئٹہ(این این آئی)بلوچستان کے خصوصی تعاون سے کیرج فیکٹری میں جناح پیپلز ٹرین کی کوچز 4 ماہ کی ریکارڈ مدت میں تیار کر لی گئیں، ٹرین جلد سریاب سے کچلاک تک اپنا آپریشن شروع کرے گی۔وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی ہدایت اور زیر نگرانی جناح پیپلز ٹرین کا ریک کیرج فیکٹری سے شاندار انداز میں روانہ کیا گیا، کیرج فیکٹری کے محنت کشوں نے اپنی محنت سے تیار کی گئی ٹرین کو خوشی اور فخر کے ساتھ (بقیہ 4صفحہ 3پر)

آئل ٹینکرز کی قلت سے عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں بلند رہنے کا خطرہ پیدا ہوگیا

رواں ماہ ڈرون حملوں کے باعث سعودی عرب کی ایسٹ ویسٹ پائپ لائن بند ہونے سے خام تیل کی بڑی مقدار پھر آبنائے ہرمز کی طرف منتقل ہوگئی، امریکی اخبار

تہران/واشنگٹن(این این آئی)ایران جنگ نے تیل کی عالمی مارکیٹ میں ایک نیا بحران پیدا کر دیا ہے اور خام تیل کی جگہ اسے لے جانے والے بحری جہازوں کی قلت پیدا (بقیہ 14صفحہ 3پر)

سکیورٹی فورسز کا پنجگور میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 4 دہشت گرد جہنم واصل

فتنہ الہندوستان کے جہنم واصل دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان میں سکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کے مزید 4 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے پنجگور کے علاقے اپھان کوہ، پروم میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاعات پر آپریشن کیا۔آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز کا علاقے میں موجود دہشت گردوں کے ساتھ شدید فائرنگ کا (بقیہ 15صفحہ 3پر)

یورپ جانے کی کوشش کرنیوالے 58 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو بلوچستان سے گرفتار

کوئٹہ(این این آئی)پاکستان کے راستے ایران اور یورپ جانے کی کوشش کرنیوالے 58 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو بلوچستان سے حراست میں لے لیا گیا۔سکیورٹی (بقیہ 12صفحہ 3پر)

آن لائن معیشت کو ٹیکس نظام کا حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے' شعیب نوشیروانی

گوادر میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا دفتر فعال کر دیا ہے، جس سے گوادر اور گردونواح میں ٹیکس سے متعلق امور کی نگرانی اور ٹیکس دہندگان کو خدمات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی

جدید کاروباری رجحانات اور آن لائن معیشت کو بھی ٹیکس نظام کا حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے' صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات

کوئٹہ(خ ن)صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی کارکردگی، ٹیکس وصولی میں بہتری اور ریونیو بیس کو وسیع کرنے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اور ان پر (بقیہ 11صفحہ 3پر)

ہم ڈٹے ہوئے ہیں، لانگ مارچ کریں گے' سہیل آفریدی

ہم سے احتجاج کا حق کوئی نہیں چھین سکتا، 27 ستمبر کو نکلیں گے، وزیراعلیٰ کی گفتگو

پشاور(این این آئی)وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ ہم ڈٹے ہوئے ہیں، ہم لانگ مارچ کریں گے، عدالتی احکامات کے باوجود ہمیں بانی پی ٹی آئی سے ملنے نہیں دیا جاتا، ہم سے احتجاج کا حق کوئی نہیں چھین سکتا، 27 ستمبر کو نکلیں گے۔پیر کو یہاں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے انتشاری سیاست کا الزام مسترد (بقیہ 26صفحہ 3پر)

اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوشش کی گئی تو سخت نتائج کا سامنا ہوگا' وزیر داخلہ

اس بار ایسا نہیں ہوگا لانگ مارچ آئے، 10 یا 20 روز تک ملک بند رہے، حکومت اس بار مستقل لائحہ عمل بنائے گی

لاہور(این این آئی)وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا سے اسلام آباد پر دھاوا بولنے کے دعوے کیے جا رہے ہیں، جو بھی اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوشش کرے گا اسے سخت نتائج کا سامنا کرنا پڑیگا، ابھی بھی وقت ہے، بندگلی میں نہ جائیں، ایسے (بقیہ 16صفحہ 3پر)

متنازعہ منتخب ممبر بلوچستان بار کونسل ایاز خان مندوخیل ایڈوکیٹ کی کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل

کوئٹہ(این این آئی)بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس محمد کامران ملاخیل، جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل ڈویژن بنچ نے پیر 21 ستمبر کو لورالائی کے شائستہ (بقیہ 17صفحہ 3پر)

چین کے ساتھ بڑھتا تجارتی فرق برآمدات میں اضافے کے نئے اقدامات کا متقاضی ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ، مضبوط اور اسٹریٹجک تعلقات میں تجارت کو بنیادی اہمیت حاصل ہے

کوئٹہ(این این آئی) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار، سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ، مضبوط اور اسٹریٹجک تعلقات میں تجارت کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔حکومت کی مؤثر تجارتی پالیسیوں کے نتیجے میں چین کو پاکستانی برآمدات میں نمایاں اضافہ خوش آئند ہے، تاہم دوطرفہ تجارت کو مزید متوازن بنانے کیلئے برآمدی (بقیہ 25صفحہ 3پر)

چمن' پولیس کی بروقت کارروائی فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو مبینہ ڈاکو گرفتار

چمن(خ ن)ڑژہ بند پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ (بقیہ 24صفحہ 3پر)

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن سکھر میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

مہنگائی بڑھ گئی عوام کے دکھ کا مداوا نہیں ہو رہا — مولانا فضل الرحمان

جے یو آئی کے بغیر حکومت بنتی نہیں، بنے تو چلتی نہیں' پیپلز پارٹی حکومت سے الگ ہوتی ہے تو پھر یہ اقلیت کی حکومت ہوگی

سعودی عرب سے معاہدے کو آگے بڑھنا چاہیے اور معاہدے میں مصر اور ایران کو شامل ہونا چاہیے تھا۔میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد(این این آئی)جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی)کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ جے یو آئی کے (بقیہ 18صفحہ 3پر)

عوام کی مشکلات کو قومی سطح پر اخلاص و نیک نیتی کے ساتھ اجاگر کرنے کی ضرورت ہے' مولانا ہدایت الرحمٰن

بلوچستان میں بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش سے کاروبار، روزگار اور عام شہریوں کی زندگی شدید متاثر ہو رہی ہے

کوئٹہ(این این آئی)امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن (بقیہ 20صفحہ 3پر)

چمن میں 4سال کی بچی سے 60سال کے شخص کی مبینہ شادی کے کیس کا ملزم افغانستان فرار ہوگیا

کوئٹہ(این این آئی)چمن میں 4 سال کی بچی سے 60 سال کے شخص کی مبینہ شادی کے کیس کا ملزم افغانستان فرار ہوگیا جب کہ بچی کے والد اور ملزم کے بھائی کو گرفتار (بقیہ 19صفحہ 3پر)

حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر رابطہ صوبے کی معاشی ترقی کیلئے نہایت اہم ہے' بلال کاکڑ

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع سے مقامی اور غیرملکی سرمایہ کار بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں، وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں کاروباری ومعاشی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے کاروبار میں (بقیہ 21صفحہ 3پر)

صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ آفس میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

بلوچستان کے ساحل نوجوانوں کیلئے روزگار اور خوشحالی کے مواقع پیدا کر سکتے ہیں، جعفر مندوخیل

یونیورسٹی طلباء وطالبات کو بلیو اکانومی، کوسٹل بیلٹ مینجمنٹ، میرین سائنسز اور فشریز کی تجارت سمیت جدید شعبوں کیلئے تیار کریں

بلوچستان کی وسیع وعریض ساحلی پٹی میں مستقبل کی ایک بڑی معاشی وتجارتی صلاحیت موجود ہے' گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہماری اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے طلبہ یہ محسوس کریں کہ ان کی صلاحیت، ان کا علم اور ان کا مستقبل اسی سرزمین پر قدر و منزلت رکھتا ہے۔ہماری بھرپور کوشش ہے کہ ہمارے نوجوان نہ (بقیہ 23صفحہ 3پر)

کوئٹہ' فائرنگ سے 2افراد ہلاک

کوئٹہ(این این آئی) کوئٹہ میں فائرنگ سے 2افراد ہلاک ہوگئے۔ڈی ایس پی سریاب طالب حسین نے بتایا کہ پیر کو کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ گرین ٹاؤن کے قریب غلام سرور نے فائرنگ کر کے بہاول کو قتل کر دیا جبکہ مسلح افراد نے غلام سرور سے اسلحہ چھین کر اسے بھی فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔پولیس نے نعشیں قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیں

بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا، علی مدد جتک

پاکستان پیپلز پارٹی جمہوریت، عوامی خدمت اور عوام کے حقوق کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی' صوبائی وزیر

کوئٹہ(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے پُرمسرت موقع پر کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پارٹی کے صوبائی قائدین، عہدیداران اور مقامی رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے (بقیہ 22صفحہ 3پر)

کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر علی مدد جتک، سید اقبال شاہ، حاجی خان محمد بڑیچ، اختر بلوچ، شاہجہان، گجر اور دیگر رہنما بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

پاکستان کی عالمی امن کے فروغ کیلئے کاوشیں

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی برادری کیساتھ مل کر پرامن بقائے باہمی، عالمی استحکام وسلامتی، ترقی و خوشحالی کے مساوی مواقعوں کی فراہمی اور عدل و انصاف جیسی تعمیری روایات سے اپنی وابستگی کا تجدید عزم کرتا ہے۔ علاقائی اور بین الاقوامی امن کے فروغ میں پاکستان کا حالیہ تعمیری کردار قوم کیلئے باعث اعزاز ہے، پاکستان نے پرخلوص انداز میں تنازعات کے خاتمے، کشیدگی میں کمی اور عالمی امن کے فروغ کے لئے کاوشیں کی ہیں، اقوام متحدہ کے زیر نگرانی امن مشنز میں پاکستان نے ہمیشہ ہراول دستہ کے طور پر خدمات سرانجام دیں ہیں جو ہمارا قومی فخر ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اس سال یہ عالمی دن امن میں سرمایہ کاری، سب کیلئے، ہر جگہ، ہر روز کی زیر عنوان منایا جا رہا ہے، یہ موضوع اجاگر کرتا ہے کہ امن محض جنگی تنازعات کی عدم موجودگی کا نام نہیں بلکہ اس کے حقیقی ثمرات کا اظہار عالمی اور قومی سطح پر انسانوں کی معاشی و معاشرتی آسودگی، بنیادی حقوق کے تحفظ، عزت واحترام، یکساں مواقعوں اور شمولیت سے ہوتا ہے۔ بلا امتیاز اور بلا تفریق رنگ و نسل مساویانہ معاشرتی رویہ ہی پائیدار امن کا ضامن ہے، یہ رویہ انفرادی اور اجتماعی سطح پر نفرت، تشدد، تعصب جیسے منفی جذبات کے سدباب سے ہی قائم کیا جاسکتا ہے، اسلامی تعلیمات اور آئین پاکستان انسانی وقار اور بنیادی حقوق کے تحفظ کی ضمانت کے ساتھ معاشرتی امن کی مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے، حکومت کی پالیسیز اس امر کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہیں کہ تمام شہریوں، بالخصوص خواتین، بچوں، اقلیتوں، خصوصی افراد اور دیگر کمزور ومحروم طبقات کے مساوی حقوق وفرائض کو مؤثر تحفظ فراہم کیا جائے۔ حکومت نے قومی ایکشن پلان برائے انسانی حقوق 2026 کے ذریعے انسانی حقوق کے تحفظ اور معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ایک جامع لائحہ عمل اپنایا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد ملک میں بین المذاہب ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ، نفرت انگیز تقاریر اور امتیازی سلوک کی روک تھام، اقلیتوں اور کمزور طبقات کے تحفظ کو مضبوط بنانے، انصاف تک رسائی بہتر کرنے اور ادارہ جاتی احتساب کو موثر بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات شامل ہیں۔ امن کی دائمی مضبوطی کا انحصار سماج کے اجتماعی شعور اور انفرادی فہم پر ہوتا ہے اسی تناظر میں تعلیمی نظام میں اس عنصر کی تربیت ناگزیر ہے، جامعات میں شہری ذمہ داری، رواداری اور تنوع کے احترام کو تقویت دینا سماجی امن کا ضامن ہے، قومی ایکشن پلان کے تحت انسانی حقوق اور امن کی تعلیم کو شامل کرنا ہماری اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ آنے والی نسلوں میں احترام، احساسِ ہمدردی اور پرامن بقائے باہمی کی ثقافت کی حوصلہ افزائی کی جاسکے۔ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے متاثرین کا تحفظ اور اداروں کی جانب سے بروقت اور موثر ردِعمل شہریوں کا ریاست پر اعتماد کا مظہر ہے۔ عالمی یومِ امن پر میں تمام شہریوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ نفرت، عدم برداشت اور امتیازی سلوک جیسی منفی اقدار کے سدباب میں اپنا کردار ادا کریں اور دوسروں کے ساتھ ہمدردی، مکالمے اور احترام کو فروغ دیں، امن کی ثقافت کو مضبوط بنانا حکومتی اداروں، سول سوسائٹی، مذہبی رہنماؤں، اساتذہ، ذرائع ابلاغ، معاشرے اور خاندان سمیت سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اللہ تعالیٰ پاکستان اور پوری دنیا کو پائیدار امن اور خوشحالی عطا فرمائے۔

بااختیار خواتین، روشن مستقبل

تحریر: محمد فاروق (سیوی ڈویژن)

کسی بھی معاشرے کی حقیقی ترقی کا اندازہ صرف سڑکوں، عمارتوں اور بڑے ترقیاتی منصوبوں سے نہیں لگایا جا سکتا بلکہ یہ دیکھا جاتا ہے کہ وہاں معاشرے کے ہر طبقے، خصوصاً خواتین کو آگے بڑھنے، تعلیم حاصل کرنے، اپنے مسائل بیان کرنے اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے کتنے مواقع حاصل ہیں۔ ایک عورت کی تعلیم، تربیت اور معاشی خودمختاری دراصل ایک پورے خاندان کی مضبوطی کا ذریعہ بنتی ہے اور یہی مضبوط خاندان آگے چل کر ایک مستحکم، تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد بنتے ہیں۔ اسی تناظر میں سیوی ڈویژن میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے مختلف سطحوں پر سامنے آنے والے اقدامات امید افزاء مستقبل کی نشاندہی کرتے ہیں۔ سیوی جیسے تاریخی اور وسیع ڈویژن میں خواتین کے لیے مواقع پیدا کرنا اس لیے بھی اہم ہے کہ یہاں بڑی تعداد میں ایسی باصلاحیت خواتین موجود ہیں جو مناسب رہنمائی، تعلیم، فنی تربیت اور پلیٹ فارم ملنے کی صورت میں نہ صرف اپنے خاندانوں بلکہ معاشرے اور معیشت میں بھی مؤثر کردار ادا کرسکتی ہیں۔ ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ان کی صلاحیتوں کو پہچانا جائے اور انہیں آگے بڑھنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ اسی سوچ کے تحت سیوی ڈویژن میں قائم کیا گیا "بااختیار وومن سینٹر" ایک قابلِ ذکر اقدام ہے۔ کمشنر سیوی ڈویژن اسد اللہ فیض کی ذاتی دلچسپی اور اپنی مدد آپ کے تحت ڈویژنل پبلک اسکول سیوی میں قائم کیے گئے اس مرکز میں خواتین کے لیے جدید کمپیوٹر لیب سمیت ضروری سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ تقریباً 15 کمپیوٹرز، لیپ ٹاپس، ڈیسک ٹاپ کمپیوٹرز، فرنیچر اور دیگر سہولیات کی فراہمی کا مقصد خواتین کو جدید دور کی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ مرکز میں انسٹرکٹرز کی تربیت کے بعد خواتین کو مختلف شعبوں میں مفت تربیت فراہم کرنے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ یہ بات قابلِ غور ہے کہ آج کی دنیا میں صرف روایتی تعلیم کافی نہیں رہی۔ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، کمپیوٹر، آن لائن کام، فری لانسنگ، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، گرافک ڈیزائننگ اور دیگر جدید مہارتیں روزگار کے نئے دروازے کھول رہی ہیں۔ خاص طور پر خواتین کے لیے یہ مہارتیں اس لحاظ سے اہم ہیں کہ وہ اپنی گھریلو ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ گھر بیٹھے بھی آمدن کے ذرائع پیدا کرسکتی ہیں۔ اس طرح ہنر محض ایک سرٹیفکیٹ تک محدود نہیں رہتا بلکہ معاشی خودمختاری کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ یومِ آزادی کے موقع پر بااختیار وومن سینٹر کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لیے کمشنر سیوی ڈویژن اسد اللہ فیض اور YMSESDO پاکستان کے چیئرمین محمد منیر ابڑو کے درمیان ایک سالہ مفاہمتی یادداشت پر دستخط بھی کیے گئے۔ اس تعاون کے تحت مرکز میں مزید جدید کمپیوٹرز اور ضروری سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ خواتین کے لیے مختلف لرننگ اور اسکل ڈویلپمنٹ کورسز شروع کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ تربیت حاصل کرنے والی خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے کے لیے بلاسود قرضوں کے مواقع کی فراہمی کی کوشش بھی اس پروگرام کو محض تربیتی منصوبے کے بجائے معاشی خودمختاری کی جانب ایک قدم بناتی ہے۔ تاہم خواتین کو بااختیار بنانے کا تصور صرف تعلیم اور روزگار تک محدود نہیں۔ کسی بھی معاشرے میں خواتین کے مسائل کو سننا، انہیں فیصلہ سازی کے عمل میں جگہ دینا اور سرکاری اداروں تک ان کی براہِ راست رسائی یقینی بنانا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ اسی سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکریٹری بلوچستان کی ہدایات پر سرکٹ ہاؤس سیوی میں ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد ایک اہم قدم ہے۔ اس کھلی کچہری میں خواتین کو یہ موقع ملا کہ وہ اپنے مسائل براہِ راست ضلعی انتظامیہ کے سامنے پیش کریں، اپنی درخواستیں جمع کرائیں اور مختلف سرکاری محکموں سے متعلق مشکلات کے بارے میں بات کریں۔ ایس ایس پی سبی عبدالحمید، اسسٹنٹ کمشنر سبی عمران مندوخیل، مختلف محکموں کے افسران اور خواتین کی بڑی تعداد کی شرکت نے اس عمل کو مزید مؤثر بنایا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعدد قابلِ حل مسائل موقع پر ہی نمٹانے کی ہدایات دیں، جبکہ مستقبل میں بھی ایسی کھلی کچہریوں کے انعقاد کا عندیہ دیا گیا۔ خواتین کے لیے ایسی کھلی کچہریاں اس لحاظ سے اہم ہیں کہ بعض اوقات خواتین اپنے مسائل متعلقہ اداروں تک پہنچانے میں مختلف سماجی، جغرافیائی یا انتظامی رکاوٹوں کا سامنا کرتی ہیں۔ جب ضلعی انتظامیہ خود ان کے درمیان پہنچ کر ان کی بات سنتی ہے تو انتظامیہ اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط ہوتا ہے۔ اس عمل سے نہ صرف شکایات کے ازالے میں مدد ملتی ہے بلکہ حکام کو زمینی حقائق اور ان مسائل کا براہِ راست ادراک بھی ہوتا ہے جو عام سرکاری رپورٹس میں پوری طرح سامنے نہیں آپاتے۔ خواتین کے حقوق کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر سیوی کا یہ مؤقف بھی اہم ہے کہ خواتین کے مسائل کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے اور ان کے جائز حقوق اور ضروریات کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ کسی بھی ترقیاتی پالیسی کا اصل مقصد اسی وقت پورا ہوتا ہے جب اس کے ثمرات معاشرے کے تمام طبقات تک پہنچیں۔ تعلیم، صحت، صاف پانی، روزگار اور تحفظ جیسے بنیادی معاملات میں خواتین کی ضروریات کو سامنے رکھنا اسی جامع ترقی کا حصہ ہے۔ سیوی ڈویژن میں بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کے منصوبوں پر کام بھی اسی وسیع تر ترقیاتی سوچ کا حصہ ہے۔ اگر ان منصوبوں کے ساتھ خواتین کی تعلیم، فنی تربیت اور معاشی سرگرمیوں کے مواقع کو بھی مسلسل وسعت دی جائے تو اس کے اثرات آنے والے برسوں میں پورے معاشرے پر مرتب ہو سکتے ہیں۔ اصل کامیابی اس وقت حاصل ہوگی جب بااختیار وومن سینٹر جیسے منصوبے سیوی شہر تک محدود نہ رہیں بلکہ ڈویژن کے دیگر علاقوں، تحصیلوں اور دور دراز آبادیوں تک بھی ان کا دائرہ پھیلایا جائے۔ خواتین کے لیے موبائل تربیتی پروگرام، مقامی سطح پر ہنر سکھانے کے مراکز، ڈیجیٹل لٹریسی پروگرام، آن لائن روزگار سے متعلق رہنمائی اور چھوٹے کاروبار کے لیے آسان مالی سہولیات فراہم کی جائیں تو ان اقدامات کے نتائج مزید وسیع ہو سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ نجی شعبے، تعلیمی ادارے، فلاحی تنظیمیں اور مقامی کاروباری طبقہ بھی اپنا کردار ادا کرے تو خواتین کے لیے روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ یہ حقیقت بھی پیشِ نظر رہنی چاہیے کہ خواتین کو بااختیار بنانے کا مطلب انہیں معاشرے سے الگ کرنا نہیں بلکہ انہیں معاشرے کی تعمیر میں برابر کا شریک بنانا ہے۔ ایک تعلیم یافتہ اور ہنرمند خاتون اپنے بچوں کی بہتر تعلیم، صحت اور تربیت میں کردار ادا کرتی ہے، گھر کے معاشی فیصلوں میں حصہ لیتی ہے اور ضرورت پڑنے پر خاندان کا سہارا بھی بنتی ہے۔ یوں ایک خاتون کی ترقی کا اثر ایک فرد تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے خاندان اور آنے والی نسلوں تک پہنچتا ہے۔ سیوی ڈویژن کی خواتین میں صلاحیت، محنت اور آگے بڑھنے کا جذبہ موجود ہے۔ انہیں صرف ایسے مواقع اور پلیٹ فارم درکار ہیں جہاں وہ اپنی صلاحیتوں کو عملی شکل دے سکیں۔ بااختیار وومن سینٹر، خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی جیسے اقدامات اسی سمت میں مختلف پہلوؤں کو جوڑتے ہیں۔ ایک طرف خواتین کو ہنر اور جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کیا جا رہا ہے تو دوسری جانب انہیں اپنے مسائل براہِ راست انتظامیہ کے سامنے رکھنے کا موقع دیا جا رہا ہے۔ ایک روشن مستقبل کی بنیاد آج کے فیصلوں سے رکھی جاتی ہے۔ اگر آج سیوی کی بیٹی کو تعلیم، ہنر، اعتماد اور معاشی مواقع فراہم کیے جائیں تو کل وہ اپنے خاندان کی مضبوطی کے ساتھ ساتھ پورے ڈویژن کی ترقی میں اپنا حصہ ڈال سکتی ہے۔ یہی وہ سوچ ہے جو ترقی کو محض اعداد و شمار سے نکال کر انسانی زندگی میں بہتری سے جوڑتی ہے۔ ایک بااختیار عورت صرف اپنا مستقبل نہیں سنوارتی، وہ ایک خاندان کو مضبوط، ایک نسل کو تعلیم یافتہ اور ایک معاشرے کو زیادہ باصلاحیت بناتی ہے۔ سبی ڈویژن میں خواتین کے لیے مواقع پیدا کرنے کی یہ کوششیں اسی روشن مستقبل کی طرف ایک اہم قدم ہیں۔

☆☆☆☆

امامِ مسجد، محراب سے معاشرے تک ایک عظیم ذمہ داری

امام مسجد وہ خوش نصیب شخص ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے مقدس گھر میں دین کی خدمت، نماز کی امامت اور بندگانِ خدا کی رہنمائی کی ذمہ داری عطا فرمائی۔
وہ صرف محراب میں کھڑا ہونے والا شخص نہیں، بلکہ مسجد کے منبر و محراب سے نکلنے والی دینی آواز کا امین، قرآنِ کریم کا معلم، سنتِ رسول ﷺ کا داعی، اصلاح و تربیت کا رہبر اور معاشرے کی دینی زندگی کا ایک اہم ستون ہوتا ہے۔
جب مؤذن اذان دیتا ہے اور مسلمان اللہ کے گھر کی طرف آتے ہیں تو امام ان سب کو ایک صف میں کھڑا کرتا ہے۔ امیر و غریب، عالم و عامی، بڑے اور چھوٹے — سب اس کے پیچھے کھڑے ہوتے ہیں۔ امام کی اقتدا میں ایک صف ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ اللہ کے سامنے سب برابر ہیں اور اصل عزت تقویٰ کی ہے۔
امامِ مسجد کی ذمہ داری صرف پانچ وقت کی نماز تک محدود نہیں ہوتی۔
وہ فجر کے وقت لوگوں کو اللہ کی طرف بلاتا ہے، دن میں بچوں اور نوجوانوں کو قرآن و دین کی تعلیم دیتا ہے، جمعہ کے منبر سے امت کی اصلاح کرتا ہے، نکاح کے موقع پر خاندانوں کو جوڑنے کا ذریعہ بنتا ہے، جنازے کے وقت غم زدہ خاندان کے ساتھ کھڑا ہوتا ہے، رمضان میں قرآن سناتا ہے، تراویح پڑھاتا ہے، دینی مسائل میں رہنمائی کرتا ہے اور بسا اوقات لوگوں کے گھریلو، اخلاقی اور معاشرتی معاملات میں بھی خیرخواہی کے ساتھ رہنمائی کرتا ہے۔
ایک امام بیک وقت کئی نسلوں کی تربیت کرتا ہے۔ جو بچہ آج مسجد میں قرآن پڑھنا سیکھتا ہے، کل وہی نوجوان بنتا ہے؛ اور وہی نوجوان آگے چل کر ایک خاندان کا

تحریر محمد بلال مہر۔ جعفر آباد

سربراہ، ایک استاد، ایک تاجر، ایک افسر یا معاشرے کا ذمہ دار فرد بنتا ہے۔ اس طرح امام مسجد کی محنت کا اثر صرف ایک فرد تک نہیں رہتا بلکہ پوری نسلوں تک پہنچتا ہے۔
امام صاحب صرف نماز کے امام نہیں، دلوں کے معلم بھی ہیں
ایک اچھا امام لوگوں کو صرف نماز کے ارکان نہیں سکھاتا بلکہ اللہ سے تعلق، رسولِ اکرم ﷺ سے محبت، والدین کا احترام، پڑوسیوں کے حقوق، غریبوں کی مدد، یتیموں کی کفالت، سچائی، امانت، صبر، برداشت اور حسنِ اخلاق کا درس بھی دیتا ہے۔
وہ لوگوں کو جوڑتا ہے، ٹوٹے ہوئے دلوں کو سہارا دیتا ہے، مایوس لوگوں کو امید دیتا ہے، گناہ سے بچنے کی تلقین کرتا ہے اور نیکی کی طرف بلاتا ہے۔
مسجد کا امام دراصل مسجد کی روحانی آواز ہوتا ہے۔
اگر مسجد آباد ہے تو اس میں امام کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔
اگر بچوں میں قرآن سے محبت پیدا ہو رہی ہے تو اس میں امام اور معلم کی محنت شامل ہے۔
اگر نوجوان برائیوں سے بچ کر مسجد کی طرف آ رہے ہیں تو اس میں امام کی دعوت و تربیت کا حصہ ہے۔
اگر محلے میں دینی شعور زندہ ہے تو اس میں امام کی خاموش اور مسلسل خدمت کا بھی کردار ہے۔
امام مسجد کا مقام محراب سے بہت آگے ہے
امام صاحب جب محراب میں کھڑے ہوتے ہیں تو صرف چند افراد ان کے پیچھے نہیں ہوتے؛ وہ پوری امت کی نماز کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر محسوس کرتے ہیں۔
وہ قرآن کی آیات پڑھتے ہیں اور لوگ خاموشی سے سنتے ہیں۔
وہ دعا کرتے ہیں اور لوگ آمین کہتے ہیں۔
وہ خطبہ دیتے ہیں اور لوگ دین کی بات سنتے ہیں۔
وہ جنازہ پڑھاتے ہیں اور لوگ اپنے عزیز کو آخری سفر پر رخصت کرتے ہیں۔
کتنی عظیم ذمہ داری ہے کہ ایک شخص لوگوں کو اللہ کے سامنے کھڑا کرے، اللہ کے سامنے جھکائے اور اللہ ہی کے سامنے دعا کروائے۔
اسی لیے امام صاحب کے ساتھ ادب، محبت، حسنِ سلوک اور خیرخواہی سے پیش آنا چاہیے۔
امام کی عزت صرف امام کی عزت نہیں
امام کی عزت دراصل قرآن کی تعلیم دینے والے کی عزت ہے۔
امام کی عزت دین کی خدمت کرنے والے کی عزت ہے۔
امام کی عزت مسجد کے منبر و محراب کی عزت ہے۔
امام کی عزت علم اور دینی رہنمائی کی قدر ہے۔
اس کا مطلب یہ نہیں کہ امام صاحب کو تنقید سے بالاتر سمجھا جائے یا ان سے انسانی غلطی کا امکان ختم ہو جائے؛ بلکہ مطلب یہ ہے کہ اختلاف بھی ادب سے ہو، اصلاح بھی خیرخواہی سے ہو اور معاملات بھی عزت و احترام کے ساتھ طے کیے جائیں۔
امام صاحب بھی ایک انسان ہیں۔ انہیں بھی خوشی ہوتی ہے، انہیں بھی دکھ پہنچتا ہے، انہیں بھی آرام کی ضرورت ہوتی ہے اور انہیں بھی معاشرے کی محبت، تعاون اور حوصلہ افزائی درکار ہوتی ہے۔
امام کے ساتھ ہمارا رویہ کیسا ہونا چاہیے؟
ہمیں چاہیے کہ:
امام صاحب کی عزت کریں۔
ان کی جائز ضروریات کا خیال رکھیں۔
ان کے لیے آسانیاں پیدا کریں۔
ان کی دینی خدمات کو معمولی نہ سمجھیں۔
ان کے وقت اور مصروفیات کا احترام کریں۔
اختلاف کی صورت میں ادب اور حکمت اختیار کریں۔

☆☆☆ جاری ہے ☆☆☆

غربت سے امارت تک

پلس پوائنٹ

علیشبا بگٹی

جنوبی سوڈان کے مشہور ارب پتی 'لارنس لوال' نے جب اپنی محنت اور دماغ سے بے پناہ دولت کمائی، تو اچانک حکومت حرکت میں آ گئی۔ حکام نے فوراً لارنس کے 'ذرائع آمدن' (Source of Income) کی سخت تحقیقات شروع کردیں کہ اس کے پاس اتنا پیسہ کہاں سے آیا۔ لارنس نے ان تحقیقات پر کوئی شور نہیں مچایا، بلکہ خاموشی سے اپنی تمام دولت اور کاروبار سمیٹا اور ہمیشہ کے لیے کینیڈا منتقل ہو گیا۔ جاتے جاتے حکومت کے منہ پر طمانچہ مارا۔ لیکن ملک چھوڑتے وقت اس نے میڈیا اور حکومت کو ایک ایسا پیغام دیا جس نے سب کی بولتی بند کر دی۔ لارنس نے اپنے پیغام میں لکھا۔ جب میں جوبا شہر کے فٹ پاتھوں پر سوتا تھا، بارشوں میں رات بھر بھیگتا تھا، بھوکا پیاسا دن گزارتا تھا اور کچرے کے ڈھیر سے روٹی کے ٹکڑے نکال کر کھاتا تھا۔ تب حکومت کہاں تھی؟ اس وقت کسی حکام کو میرے 'سورس آف غربت' (Source of poverty) میں دلچسپی کیوں نہیں ہوئی؟ اور آج جب میں نے محنت سے پیسے کما لیے تو تم مجھ سے سورس آف انکم پوچھنے آ گئے؟"
یہ کڑوا سچ صرف لارنس کا نہیں، بلکہ ہر اس غریب کی کہانی ہے جسے برے وقت میں ریاست لاوارث چھوڑ دیتی ہے، لیکن کامیاب ہونے پر حصہ مانگنے پہنچ جاتی ہے۔
امریکا کے شہر بروکلین میں ایک بچہ ایک معمولی سے سرکاری رہائشی منصوبے میں رہتا تھا۔ گھر غریب تھا، والد معمولی ملازمت کرتے تھے، خواب چھوٹے تھے اور مسائل بڑے۔ ایک دن والد کام کے دوران زخمی ہو گئے۔ گھر واپس آئے تو ٹانگ پر پلستر تھا۔ علاج کے لیے مناسب سہولت نہیں تھی، کام ختم، آمدنی ختم اور گھر کے اخراجات اپنی جگہ موجود تھے۔
وہ بچہ دروازے کے پاس کھڑا اپنے باپ کو دیکھ رہا تھا اور شاید پہلی مرتبہ اسے معلوم ہوا کہ غربت صرف خالی جیب کا نام نہیں، یہ انسان کے اندر سے مستقبل کا یقین بھی چھین لیتی ہے۔ اس بچے کا نام Howard Schultz تھا۔ وہی Howard Schultz جو بعد میں Starbucks کو دنیا کے بڑے کاروباری برانڈز میں تبدیل کرنے والوں میں شمار ہوا۔ وہ خود بتاتا ہے کہ اس کے بچپن نے اسے یہ سبق دیا کہ اگر کسی انسان کے پاس مشکل وقت میں کوئی سہارا نہ ہو تو ایک حادثہ پورے خاندان کو توڑ سکتا ہے۔
لیکن کہانی یہاں ختم نہیں ہوتی، اصل کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے۔ دنیا میں دو قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔ ایک وہ جو غربت کو اپنی قسمت سمجھ کر بیٹھ جاتے ہیں اور دوسرے وہ جو غربت کو اپنا استاد بنا لیتے ہیں۔ پہلے لوگ کہتے ہیں، ''میرے پاس وسائل نہیں ہیں''، دوسرے پوچھتے ہیں، ''میرے پاس وسائل کیوں نہیں ہیں اور میں انہیں پیدا کیسے کرسکتا ہوں؟'' فرق صرف اتنا سا ہے، مگر یہی فرق بعض اوقات انسان کو فٹ پاتھ سے محل تک پہنچا دیتا ہے۔
جنوبی کوریا کا ایک نوجوان Do Won Chang بھی انہی لوگوں میں شامل تھا۔ وہ 1981ء میں اپنی اہلیہ کے ساتھ امریکا پہنچا۔ پیسے کم تھے، تعلیم یونیورسٹی کی سطح کی نہیں تھی اور زبان بھی مکمل طور پر مانوس نہیں تھی۔ اس نے ایک وقت میں تین کام کیے، کافی شاپ میں کام، پٹرول پمپ پر ملازمت اور صفائی کا کام۔ اس کی اہلیہ ہیئر ڈریسر کے طور پر کام کرتی تھیں۔ یہاں ذرا رک کر سوچیے۔ ایک طرف تین نوکریاں کرنے والا نوجوان، دوسری طرف لاس اینجلس کی وہ دنیا جہاں لوگ فیشن، کاروبار اور سرمایہ کی زبان بولتے تھے۔ ایک دن Do Won نے محسوس کیا کہ گیس اسٹیشن پر آنے والے نسبتاً خوش حال لوگ زیادہ تر گارمنٹس کے کاروبار سے وابستہ ہیں۔ اس نے سوال کیا، ''یہ لوگ اتنی اچھی گاڑیاں کیسے چلاتے ہیں؟''۔ اس سوال نے اس کی زندگی کا رخ بدل دیا۔ اس نے کپڑوں کے کاروبار کو سمجھنا شروع کیا۔ تین سال کی محنت کے بعد میاں بیوی نے تقریباً 11 ہزار ڈالر جمع کیے اور 1984ء میں لاس اینجلس میں صرف 900 مربع فٹ کی ایک چھوٹی سی دکان کھولی۔ اس کا نام Fashion 21 تھا۔ پہلے سال ہی اس دکان نے تقریباً 700 ہزار ڈالر کی فروخت کی۔ یہی کاروبار آگے چل کر Forever 21 بن گیا۔
دنیا کا المیہ دیکھیے، ہم اکثر کامیاب آدمی کو اس کی آخری منزل پر دیکھتے ہیں اور اس کے راستے کے پتھر بھول جاتے ہیں۔ ہم کسی کروڑ پتی کو دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں، ''اس کے پاس پیسہ ہے۔'' ہم کسی ارب پتی کو دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں، ''اس کے پاس وسائل ہیں۔'' لیکن ہم یہ نہیں دیکھتے کہ کبھی اس کے پاس صرف ایک خیال تھا، دو ہاتھ تھے، چند گھنٹے تھے اور ناکامیوں کا ایک طویل راستہ تھا۔
Jan Koum کی زندگی بھی اسی فلسفے کی ایک مثال ہے۔ وہ یوکرین سے امریکا آیا، اس کے خاندان نے مالی مشکلات دیکھیں اور خاندان نے food stamps جیسے حکومتی امدادی نظام سے بھی فائدہ اٹھایا۔ بعد میں اسی نوجوان نے WhatsApp کی بنیاد رکھی، جو 2014ء میں Facebook کو تقریباً 19 ارب ڈالر کے سودے میں فروخت ہوا۔ یعنی جس شخص کے گھر میں بھی وسائل محدود تھے، اس نے بعد میں ایسی ٹیکنالوجی بنائی جس کی قیمت اربوں ڈالر لگائی گئی۔
یہاں اصل سوال دولت کا نہیں ہے۔ اصل سوال تبدیلی کا ہے۔ انسان آخر تبدیل کیسے ہوتا ہے؟ قرآن کریم فرماتا ہے۔ "انسان کے لیے وہی ہے جس کی اس نے کوشش کی۔" "پیسہ کمانا مشکل ہے، لیکن پیسہ کما کر اپنے ماضی کو نہ بھولنا اس سے کہیں مشکل ہے۔" ایک غریب آدمی امیر ہو جائے تو یہ ذاتی کامیابی ہے، لیکن اگر ایک امیر آدمی غریب انسان کے لیے راستہ آسان کر دے تو یہ انسانی کامیابی ہے۔ غربت انسان کی آخری شناخت نہیں ہونی چاہیے۔ غربت ایک حالت ہے، شخصیت نہیں۔ امارت بھی صرف بینک اکاؤنٹ کا نام نہیں۔ اصل امارت یہ ہے کہ انسان کے پاس خواب ہو، ہمت ہو، کردار ہو، علم ہو، مواقع پیدا کرنے کی صلاحیت ہو اور کامیاب ہونے کے بعد دوسروں کے لیے دروازے کھولنے کا حوصلہ بھی ہو۔
دنیا کے ہر غریب بچے کے پاس شاید Howard Schultz جیسا موقع نہ ہو، ہر نوجوان Do Won Chang جیسا کاروباری ذہن نہ رکھتا ہو، ہر شخص Jan Koum جیسی ٹیکنالوجی نہ بنا سکے، لیکن ہر معاشرہ یہ ضرور فیصلہ کرسکتا ہے کہ وہ اپنے غریب انسان کو ہمیشہ غریب رکھے گا یا اسے آگے بڑھنے کا موقع دے گا۔
بعض لوگ غربت سے نکل کر صرف امیر بنتے ہیں۔ اور بعض لوگ غربت سے نکل کر دوسروں کیلئے مدد اور راستہ بن جاتے ہیں۔

☆☆☆☆
☆☆

سادہ طرزِ زندگی، ایمان کا تقاضا

سادگی اس فطری ذوق کا عنوان ہے، جس کے نتیجے میں انسان کسی قدر اطمینان اور اعتماد کے ساتھ وہ دکھائی دیتا ہے جو وہ واقعتاً ہوتا ہے۔ سادگی کسی انسان کی شخصیت کا وہ پہلو ہے جو کبر، حرص اور نمائش سے خود کو بچانے کی جدوجہد سے حاصل ہوتا ہے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

سلمان آصف صدیقی

کی ایک حدیث کا مفہوم ہے کہ 'سادگی ایمان کی دلیل ہے'۔ اس کی برکت سے انسان تصنع، بناوٹ اور تکلفات سے خود کو پاک رکھتے ہوئے اپنے احساسِ جمال کی بہ آسانی تسکین کرتا ہے۔
سادگی بامعنی زندگی کی بہت اہم قدر ہے، جس کا مقصد اس مستقل ذمہ داری کو نبھاتے رہنا ہے کہ اپنی ضروریات کو مختصر اور محدود رکھا جائے اور خواہشات کی اندھی تقلید کے بجائے ان کو پرکھتے رہا جائے۔ سادگی کا تعلق انسان کے مزاج سے بھی ہے اور اس کے طرزِ زندگی سے بھی۔ جب انسان سادگی اختیار کرتا ہے تو وہ نہ تو اپنے نام کے ساتھ القابات سننا چاہتا ہے، اور نہ اپنی تعریف ہی قبول کرتا ہے۔ ایسا انسان نہ تو کسی سے مرعوب ہوتا ہے اور نہ کسی کو مرعوب کرنا چاہتا ہے۔ کسی انسان کی نفاست اور وقار جب مادی سہاروں کے محتاج نہ رہیں تو سادگی جنم لیتی ہے۔ سادگی زندگی کا ایک ایسا خوب صورت رکھاؤ اور رچاؤ ہے، جو انسان میں انکسار اور وضع داری کو فروغ دیتا ہے۔

سادگی کے راستے کی دیواریں

سادگی کے راستے کی دیواریں اسراف، نمود، تصنع اور تکلّف ہیں:
'اسراف' کا مطلب ہے اعتدال یا میانہ روی چھوڑنا اور حد سے بڑھ جانا۔ اسراف بولنے، کھانے، سونے سے لے کر اپنے اُوپر خرچ کرنے تک، درحقیقت طرزِ زندگی کے بے شمار معاملات میں ہو رہا ہے، یعنی لوگ کسی بھی معاملے میں اس حد تک پہنچ گئے ہیں، جس کا نہ تو کوئی جواز بنتا ہے اور نہ کوئی اجر۔
'نمود' سے مراد اپنی مالی حیثیت اور اپنی شان و شوکت کا غیرضروری دکھاوا یا نمائش ہے۔
'تصنع'، کسی بھی غیرضروری اور غیرفطری طریقہ کار یا بناوٹی انداز اختیار کرنے کا نام ہے۔
'تکلّف' ایک خوب صورت اور معصوم جذبے کے تحت اس بلاجواز اہتمام اور معاملے کا نام ہے، جو غیرضروری مشکل کا باعث بنے۔
اس وقت مسلم معاشرے میں اسراف، نمود، تصنع اور تکلف سے مساجد اور مذہبی اداروں سے لے کر تعلیم یافتہ گھرانوں تک کوئی محفوظ نہیں ہے۔ اگر کوئی مسلمان ان میں سے کسی ایک بھی خرابی کا شکار ہوجائے تو وہ آہستہ آہستہ باقی خرابیوں میں بھی مبتلا ہوجاتا ہے۔ پھر ایک ایسا وقت آجاتا ہے کہ اسے اپنا یہ خراب عمل بھی اچھا لگنے لگتا ہے اور وہ اس کے حق میں جواز بھی ڈھونڈ لیتا ہے۔ اسراف میں مبتلا لوگوں کے بارے میں قرآن نے خبردار کر دیا کہ جو لوگ حد سے گزر جاتے ہیں، انھیں اپنے کرتوت اسی طرح خوش نما معلوم ہوتے ہیں۔ (یونس ۱۰:۱۲)
سمجھنے کی بات یہ ہے کہ مال کے حوالے سے مسلمان کی ذمہ داری صرف جائز کمانا ہی نہیں بلکہ اسے جائز خرچ کرنا بھی ہے۔ غور کیجیے کہ ربّ کریم نے اپنے کلامِ پاک میں انسانوں کو ان کا حق دینے اور فضول خرچی سے بچنے کا حکم ایک ساتھ دیا ہے۔ ان قرآنی آیات کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ جب ہم اپنا مال درست جگہ اور درست مقصد میں خرچ کرنے میں ناکام ہوتے ہیں تو معاشرے میں دوسروں کی حق تلفی ہوتی ہے:
ترجمہ۔ رشتہ دار کو اس کا حق دو اور مسکین اور مسافر کو اس کا حق۔ فضول خرچی نہ کرو۔ فضول خرچ لوگ شیطان کے بھائی ہیں، اور شیطان اپنے ربّ کا ناشکرا ہے۔ (بنی اسرائیل)
'اسراف' کی ایک شکل یہ ہے کہ انسان کی زندگی میں آرام اور سہولت اپنی جائز حد سے تجاوز کرجائے اور زندگی پرتعیش ہوجائے۔ قرآن نے اس حوالے سے واضح احکام دیے ہیں کہ حرام کیا ہے اور اس کی حد کہاں سے شروع ہوتی ہے۔ لیکن 'اسراف' سے بچنے کا معاملہ انسان کے شعور پر چھوڑا گیا ہے کہ وہ سیرتِ رسولؐ سے اصول اخذ کرتا رہے اور اپنے معاملات کا خود ہی جائزہ لیتے ہوئے خود کو حد کے اندر رکھنے کے لیے ان اصولوں کا انطباق کرے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت معاذ بن جبلؓ کو یمن بھیجا تو فرمایا: 'نازونعم کی زندگی سے بچنا، کیونکہ اللہ کے بندے نازونعم کی زندگی نہیں گزارا کرتے' (مسند احمد، رقم: ۲۲۱۰۵)۔ غور کرنے کی بات یہ ہے کہ حضرت معاذؓ، رسولؐ اللہ کے تربیت یافتہ اور قریبی صحابی تھے اور ایک اہم سرکاری منصب پر وہاں تعینات کیے گئے تھے۔ تعیشات جس طرح کسی عام انسان کو بگاڑنے کا باعث بن سکتی ہیں، توقع کی جاسکتی ہے کہ وہ ایسے جلیل القدر صحابی پر اثر انداز نہیں ہوسکتی تھیں۔ پھر اعلیٰ منصب کے شایانِ شان وسائلِ تعیش کا مہیا ہوجانا اور ان سے تمتع معاشرے کے لیے کوئی اچنبھے کی بات نہیں تھی۔ بلکہ بہت سے عام لوگوں کے لیے بلاشبہ توقع کے عین مطابق ہوتی۔ لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ چاہتے تھے کہ تعیش اگر حرام نہ بھی ہو تو بھی روحِ بندگی کو محفوظ رکھنے کے لیے اس سے خود کو بچانے کی کوشش کی جائے۔ اس حدیث کی شرح میں مُلّا علی قاری فرماتے ہیں: خواہشات کی تکمیل میں حد سے بڑھ کر کوشش کرنے اور لذتوں کا حریص و مشتاق رہنے سے منع کیا گیا ہے۔ (مرقاۃ المفاتیح، ج۸، ص۵۹۲۳)
شیخ زین الدین مناوی فرماتے ہیں: ''عیش و عشرت اگرچہ مباح چیزوں میں جائز ہے، لیکن یہ صفت، تعیش کے ساتھ انسان میں انسیت پیدا کرتی اور غفلت کی طرف مائل کر دیتی ہے۔ اسی طرح ایک دفعہ رسولؐ اللہ کو ایک قیمتی لباس تحفے میں پیش کیا گیا، جو ۳۳ اُونٹ اور ایک اُونٹنی کے عوض خریدا گیا تھا، اور آپؐ نے اسے ایک بار پہنا۔ لیکن رسولؐ اللہ چونکہ معصوم ہیں اور مباح کی حدود سے بخوبی واقف ہیں، اس لیے آپؐ پر ایسی چیزیں اثر انداز نہ ہوتی تھیں جن کے نتیجے میں غرور، تکبر، خوشامد یا ناپسندیدہ چیزوں کی طرف تجاوز کا احتمال ہو، جب کہ عام انسان اس قسم کے خطرات سے محفوظ نہیں رہ سکتا''۔
اس واقعے میں غور کرنے کے کئی پہلو ہیں: پہلا یہ کہ اتنا بیش قیمت لباس آپؐ نے خود نہیں خریدا تھا بلکہ آپؐ کو تحفے میں پیش کیا گیا تھا۔ دوسرا یہ کہ رسولؐ اللہ لوگوں کی دل جوئی کی خاطر تحفہ قبول فرمالیا کرتے تھے، لہٰذا ایسا قیمتی لباس بھی قبول کرلیا۔ تیسرا یہ کہ رسولؐ اللہ نے اپنے عمل سے یہ واضح کردیا کہ قیمتی لباس پہننا حرام نہیں ہے۔ چوتھا یہ کہ آپؐ نے اس لباس کو دوبارہ پہننا گوارا نہیں کیا۔
جب انسان دوسروں سے اپنے تعلق کو خوب صورت بنانے کے بجائے ان پر اپنی دھاک بٹھانے کے لیے بے چین رہے، تو اسراف اور نمود کا رجحان پروان چڑھتا ہے۔ اسی طرح جب انسان اپنے اندر اخلاص کو زندہ رکھنے کے بجائے دوسروں پر اپنی ساکھ قائم کرنے کے لیے متفکر ہوجائے تو تصنع اور تکلف پیدا ہوتا ہے۔ ساکھ بہت اہم اور قیمتی چیز ہے، لیکن اسے ہمارے طرزِ زندگی کا مقصود نہیں بننا چاہیے۔ حقیقی ساکھ ظاہری اور مادی ساز و سامان سے نہیں بلکہ انسان کے ایمان، اخلاق اور کھرے معاملات کے نتیجے میں خود بخود قائم ہوتی ہے۔
خود کو حد سے اندر رکھنے یعنی 'اسراف' سے بچنے اور سادگی اختیار کرنے کی ذمہ داری مسلمان پر زندگی کے ہر معاملے میں ہے۔ 'اسراف' صرف خرچ کرنے کے معاملے میں نہیں ہوتا بلکہ کھانے، سونے اور بولنے کے معاملے میں بھی ہوسکتا ہے۔ یعنی انسان کھانے کے معاملے میں اس سے زیادہ کھاتا (یا بناتا) رہے جتنی کہ اس کی ضرورت ہے۔ سونے کے معاملے میں اپنی نیند کی جائز ضرورت سے تجاوز کرے۔ بولنے میں غیرضروری طور پر اپنی بات کو طول دے یا ہر مسئلے پر ہر گھڑی کچھ نہ کچھ بولنے کی ضرور کوشش میں رہے، اور کسی مجلس میں بلاوجہ بولنے اور ہر بات پر رائے زنی کی کوشش کرے تو یہ سب اسراف ہی کی صورتیں ہیں۔
مسلم معاشرے میں پائے جانے والے 'اسراف' کے دو عمومی اسباب ہیں:
پہلا، اپنے نفس کے مرغوبات کو نہ پہچان سکنا اور بلاسوچے سمجھے اس کی پیروی کرنا ہے۔ یعنی اس کی خوش نودی کے لیے کسی کام کو اس کی اصولی حد سے اس طرح بڑھ کر کرنا کہ اس کے نتیجے میں کسی اور چیز کا اصولی مقام زندگی میں کم ہونے لگے۔
دوسرا، علم نافع اور شعور کی کمی، یعنی اس بات کا تعین ہی نہ کرپانا کہ کسی جائز کام کی انجام دہی کی بھی جائز حد کیا ہوسکتی ہے اور اس حد سے آگے نکل جانے کے کیا نقصانات نفس، معاشرے اور ماحولیات پر مرتب ہوسکتے ہیں۔
صحابہ کرامؓ 'اسراف' کے حوالے سے کس قدر حساس اور محتاط تھے، اس کا اندازہ اس واقعے سے ہوتا ہے۔ حضرت عمر فاروقؓ ایک دفعہ اپنے بیٹے کے پاس آئے۔ ان کے سامنے پکا ہوا گوشت سجا ہوا تھا۔ انھوں نے یہ دیکھ کر سوال کیا: 'یہ کیا ہے؟' بیٹے نے جواب دیا: ''مجھے گوشت کھانے کی خواہش تھی تو میں نے خرید لیا''۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: ''تمھارا جس چیز کو دل چاہے گا تو کیا تم اسے ضرور کھاؤ گے؟ انسان کے اسراف کے لیے یہ کافی ہے کہ وہ ہر وہ چیز کھائے جس کی اس کو چاہت ہو''۔ (کنز العمال، رقم:۹۱۹۵۳)
'اسراف'، نمود، تصنع اور تکلف کا شکار ہونے کے باعث سادگی لوگوں کے لیے ایک ناگوار معاملہ بن گیا ہے۔ 'انفاق فی سبیل اللہ' کا جذبہ اور روح پامال ہورہی ہے۔ انسانی تعلق کی پاکیزگی متاثر ہورہی ہے اور اپنائیت کا احساس دشوار تر ہوتا جارہا ہے۔ مسلمانوں کی توانائیاں، وقت، مال اور صلاحیتیں، اسراف، نمود، تصنع اور تکلف میں ضائع ہورہی ہیں اور زندگی پیچیدہ اور بے معنی بنتی چلی جارہی ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ معاملات ریاکاری، حرص، طمع اور حسد کو فروغ دینے کا باعث بنے ہیں اور جس کا نتیجہ مسلمانوں کی اخلاقی، نفسیاتی اور ایمانی صحت کی خرابی کی شکل میں قدم قدم پر ظاہر ہورہا ہے۔ حالانکہ قرآن کریم میں اس حوالے سے مسلمانوں کو بہت واضح تنبیہ کی گئی ہے:
ترجمہ: ''اے ایمان لانے والو! اپنے صدقات کو احسان جتا کر اور دُکھ دے کر اُس شخص کی طرح خاک میں نہ ملا دو، جو اپنا مال محض لوگوں کے دکھانے کو خرچ کرتا ہے اور نہ اللہ پر ایمان رکھتا ہے، نہ آخرت پر۔ اُس کے خرچ کی مثال ایسی ہے، جیسے ایک چٹان تھی، جس پر مٹی کی تہہ جمی ہوئی تھی۔ اس پر جب زور کا مینہ برسا، تو ساری مٹی بہہ گئی اور صاف چٹان کی چٹان رہ گئی۔

بقیہ 1

یکجہتی دکھارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستانی طلبہ کی افغان طلبہ سے یکجہتی محبت سے زیادہ ان کے سیاسی رجحانات کی عکاسی ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ ایک سیاسی جماعت کی محبت میں اتنا آگے نہ جائیں کہ پاکستانی خون آپ کو سستا لگنے لگے۔

بقیہ 2

دہشتگردوں کو ہلاک کیا گیا اور متعدد زخمی ہوئے۔وزارت اطلاعات کے مطابق پاک افغان سرحدی علاقے میں فتن الخوارج اور دہشتگردوں کے کیمپوں اور ٹھکانوں کو بھی نشانہ بنایا گیا،کارروائی میں 3 اہداف کو کامیابی سے تباہ کیا گیا، تباہ کیے گئے اہداف میں خودکش بمباروں کی تربیت کا مرکز بھی شامل تھا۔وزارت اطلاعات ونشریات کے مطابق کارروائی میں متعدد خودکش بمباروں سمیت 28 دہشتگرد ہلاک ہوئے، مراکز اور ٹھکانوں میں بڑی مقدار میں ذخیرہ اسلحہ و گولہ بارود بھی تباہ کردیا گیا۔وزارت اطلاعات نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن واستحکام برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے، شہریوں کی سلامتی اور تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، یہ انتہائی تشویش کا باعث ہے کہ افغانستان بدستور دہشتگردی کا مرکز بنا ہوا ہے، پاکستان کو لاحق دہشتگردی کا خطرہ افغانستان سے پیدا ہو رہا ہے، اسی تناظر میں دہشتگردوں کے مراکز کو درستگی کے ساتھ نشانہ بنایا گیا۔وزارت اطلاعات کے مطابق کارروائیوں کے دوران زیادہ سے زیادہ احتیاطی تدابیر اختیار کیں،یقینی بنایا گیا کہ کسی قسم کا ضمنی نقصان نہ ہو، انسداد دہشتگردی مہم غضب الحق پوری رفتار سے جاری رہے گی،مہم جاری ہے تاکہ ملک سے غیرملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کیا جاسکے۔

بقیہ 3

۔وزارت اقتصادی امور کے مطابق خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں شہریوں کی انصاف تک رسائی بہتر بنائی جائے گی، جبکہ پنجاب اور سندھ میں متبادل اور تجارتی تنازعات کے حل کا نظام مضبوط کیا جائے گا۔ پروگرام کے نتیجے میں یورپی اور دیگر غیرملکی کمپنیوں کی پاکستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی بڑھنے کی توقع ہے۔ سیکرٹری اقتصادی امور محمد حمیر کریم نے یورپی یونین کی مسلسل معاونت اور شراکت داری کو قابل قدر قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام پاکستان میں غیرملکی سرمایہ کاری بڑھانے کے قومی ہدف سے ہم آہنگ ہیں۔محمد حمیر کریم کے مطابق ان اقدامات سے دیہی علاقوں میں بجلی تک رسائی اور تجارتی تنازعات کے حل کے نظام میں بہتری آئے گی۔یورپی یونین کے سفیر ریمونڈاس کروبلیس نے کہا کہ یہ معاہدے پاکستان کی اقتصادی ترقی اور سرمایہ کاری میں معاونت کے عزم کا اظہار ہیں۔

بقیہ 4

الوداع کیا۔ جناح پیپلز ٹرین کی بحالی حکومت بلوچستان کے خصوصی تعاون اور پاکستان ریلوے کی کاوشوں کا عملی ثبوت ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور حکومت بلوچستان کے تعاون پر اظہار تشکر کیا۔ریلوے کی تاریخ میں پہلی بار صوبوں کے اشتراک سے عوامی فلاح کے منصوبوں کو عملی شکل دی جا رہی ہے۔ پاکستان ریلوے کسی ایک صوبے کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کا ادارہ ہے، جو ملک کے ہر حصے کو جوڑنے والی مضبوط زنجیر ہے۔سریاب، کچلاک، یتیخ ماندا، بلیلی، جی او آر ہالٹ اور کوئٹہ سمیت اسٹیشنز پر سہولیات کی بہتری اور اپ گریڈیشن کا کام کیا گیا۔ جناح پیپلز ٹرین سے بلوچستان کے عوام بالخصوص طلبہ، خواتین، بچوں، مزدوروں اور عام شہریوں کو سستی، محفوظ اور بہتر سفری سہولت میسر آئے گی۔ جناح پیپلز ٹرین بلوچستان کے عوام کیلئے سفری سہولت کی فراہمی اور صوبے کو ریلوے نیٹ ورک سے مزید مضبوطی سے جوڑنے کی اہم کاوش ہے

بقیہ 5

اضافے اور معیشت کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرنے پر مرکوز ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ پاکستان کی برآمدات میں اضافہ عارضی نہیں بلکہ طویل مدت کیلئے مستحکم بنیادوں پر ہو۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جولائی سے اگست کے دوران آئی ٹی برآمدات 81 کروڑ ڈالر رہیں، بیرون ملک مقیم پاکستانی سالانہ تقریباً 40 ارب ڈالر پاکستان بھیج رہے ہیں جبکہ گزشتہ دو ماہ کے دوران ترسیلات زر کی مجموعی رقم 6.4 ارب ڈالر تک پہنچ چکی ہے۔وزیر منصوبہ بندی نے تحریک انصاف کے دور حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس دور میں درآمدات 80 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، جس سے روپے کی قدر متاثر ہوئی، درآمدات کو 80 ارب ڈالر تک پہنچا کر حاصل کی گئی 6 فیصد معاشی ترقی مصنوعی تھی۔احسن اقبال نے کہا کہ اگر اسی شرح سے معاشی ترقی برآمدات میں اضافے کے ذریعے حاصل کی جاتی تو اس کے ملکی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوتے

بقیہ 6

پیغام پہنچایا۔زخمیوں نے وفاقی وزیر اطلاعات کو دہشت گردی کے واقعہ سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا۔زخمیوں نے عیادت کے لئے آنے پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ سے اظہار تشکر کیا۔وفاقی وزیر نے دہشت گردی کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب، ایمان اور عقیدہ نہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ دہشت گرد بزدل لوگ ہیں، آپ نے جس بہادری سے مقابلہ کیا وہ لائق تحسین ہے۔وفاقی وزیر اطلاعات نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔وفاقی وزیر نے کوہاٹ واقعہ کے زخمیوں کو حکومت کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 7

ممکنہ فوجی کشیدگی میں اضافے کا جواب دینے کیلئے تیار ہے۔یہ بیان 19 ستمبر کو پریگن میں نیٹو کے 32 اعلیٰ فوجی حکام کے اجلاس کے دوران دیا گیا۔نیٹو کے اعلیٰ فوجی کمانڈر کے مطابق نیٹو کی کمانڈ ساخت، فوجی اہلکار اور ہتھیار تیار ہیں، جبکہ اتحاد اپنی افواج کی تعداد اور جدید صلاحیتوں میں مزید اضافہ کر رہا ہے۔یہ بیان ایسے وقت آیا ہے جب یورپ میں روس سے منسوب ڈرون، تخریبی کارروائیوں اور فضائی حدود کی خلاف ورزیوں کے حوالے سے خدشات بڑھے ہیں۔دوسری جانب نیٹو سیکرٹری جنرل مارک روٹے بھی کہہ چکے ہیں کہ اتحاد کے پاس روسی ہائبرڈ حملوں کے جواب کیلئے مختلف آپشنز موجود ہیں، جن میں بعض اقدامات عوامی طور پر ظاہر نہیں کیے گئے۔

بقیہ 8

پرعزم ہیں کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے، جبکہ واشنگٹن اس مقصد کیلئے ایران پر زیادہ سے زیادہ دباؤ جاری رکھے گا۔عرب میڈیا کے مطابق مائیک والٹز نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ ایران کیلئے مذاکرات کی میز پر واپس آنے کا دروازہ اب بھی کھلا ہے، تاہم اس کیلئے تہران کو سنجیدگی اور نیک نیتی کے ساتھ مذاکرات میں واپس آنا ہوگا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے والٹز نے امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جنگ کو کئی دہائیوں سے جاری تنازع کا تسلسل قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ ایران کو جوہری چھتری حاصل کر کے آبنائے ہرمز سمیت دنیا کو دبا میں رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔میڈی رپورٹ کے مطابق ایران نے مسلسل جوہری ہتھیار بنانے کی کوشش کی تردید کی ہے اور اپنے جوہری پروگرام کو پرامن مقاصد کیلئے قرار دیا ہے۔رپورٹ کے مطابق 2015 میں ایران اور عالمی طاقتوں کے درمیان جوہری معاہدہ ہوا تھا، تاہم صدر ٹرمپ نے اپنی پہلی مدت صدارت میں 2018 میں امریکا کو اس معاہدے سے الگ کرلیا تھا۔ حالیہ صورتحال میں بھی دونوں ملکوں کے درمیان مذاکرات کا معاملہ تعطل کا شکار ہے، تاہم ایران نے قطر کے ذریعے امریکا کو جنگ کے خاتمے اور مذاکرات سے متعلق اپنی شرائط پہنچانے کی تصدیق کی ہے۔

بقیہ 9

اساتذہ سے ملاقات کی اور حقانی شہدا کے لئے تعزیت کی۔اس موقع پر انہوں نے جامعہ دارالعلوم حقانیہ اور بالخصوص شہدائے حقانیہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا نیک تمناؤں پر مبنی پیغام وسلام پہنچایا،اس موقع پر انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ حقانیہ ایک تاریخی عظیم دینی درسگاہ ہے جس نے ہمیشہ دین اسلام کی نشرواشاعت کے ساتھ ساتھ وطن عزیز پاکستان کی بقا وسلامتی اور تعمیر وترقی کے لئے اپنا موثر کردار ادا کیا ہے۔میرے دادا سابق صدر پاکستان محمد رفیق تارڑ مرحوم بھی یہاں تشریف لائے تھے صدر پاکستان کی حیثیت سے اور آج مجھے بھی اس تاریخی دینی درسگاہ آمد پر انتہائی اپنائیت اور خوشی کا احساس ہورہا ہے گویا کہ میں اپنے گھر آیا ہوں۔انہوں نے نائب مہتمم حضرت مولانا حامد الحق شہید، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس شہید کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا اور حقانی خاندان و اساتذہ سے تعزیت بھی کی۔جامعہ کے نائب مہتمم مولانا راشد الحق سمیع نے معزز مہمان اور وفد کو خوش آمدید کہا اور افتتاحی کلمات پیش کئے۔اس موقع پر جمعیت علمائے اسلام(س) کے امیر مولانا عبدالحق ثانی نے کہا کہ جامعہ حقانیہ، جمعیت علمائے اسلام نے ہمیشہ پاکستان کی تعمیر وترقی اور استحکام کیلئے اپنا موثر کردار ادا کیا ہے خواہ وہ ملک میں امن وامان کے قیام کی کوششیں ہوں یا ملک سے فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے کردار ہو، ہم مستقبل میں بھی اپنا مثبت کردار ادا کرتے رہیں گے۔ہمارے ادارے نے اسلام اور پاکستان کے لئے اپنے بڑوں اور قائدین کی عظیم قربانیاں پیش کی ہیں،اس حوالے سے ارباب اختیار سے ہمارے بڑے گلے شکوے اور تحفظات بھی ہیں،اس موقع پر کوارڈینیٹر قومی پیغام امن کمیٹی مولانا طاہر محمود اشرفی نے دارالعلوم حقانیہ اور خصوصا شہدائے حقانیہ کی تاریخ،ان کی خدمات وسیاسی و دینی جدوجہد پر تفصیلی گفتگو کی

بقیہ 10

کے دوران ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں دی ہیں، قوم کو اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز پر فخر ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، ریاست دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ امن و استحکام کے قیام کیلئے سیکیورٹی فورسز کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔

بقیہ 11

ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کمپنیوں، ہوٹلز، ہسپتالوں اور دیگر مختلف شعبوں کے آڈٹ کے عمل کو مزید تیز، موثر اور شفاف بنایا جائے گا، تاکہ ٹیکس نظام میں شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے صوبائی ریونیو میں اضافہ کیا جاسکے اس موقع پر بتایا گیا کہ گوادر میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا دفتر فعال کر دیا ہے، جس سے گوادر اور گردونواح میں ٹیکس سے متعلق امور کی نگرانی اور ٹیکس دہندگان کو خدمات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی۔اس کے علاوہ جیولرز، بیکریوں، پراپرٹی ڈیلرز، کارشورومز، پانی فراہم کرنے والی کمپنیوں اور دیگر متعلقہ کاروباری شعبوں کو بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ٹیکس دائرہ کار میں لانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔یوٹیوبرز اور آن لائن کاروبار سے وابستہ افراد و اداروں کو بھی قانونی تقاضوں کے مطابق بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ٹیکس دائرہ کار میں شامل کرنے کیلئے اقدامات تیز کرنے پر اتفاق کیا گیا۔صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا، ٹیکس وصولی کے نظام کو شفاف بنانا اور کاروباری سرگرمیوں کو دستاویزی شکل دینا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ٹیکس قوانین پر موثر عمل درآمد کے ساتھ ساتھ ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے کہا کہ جدید کاروباری رجحانات اور آن لائن معیشت کو بھی ٹیکس نظام کا حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، جبکہ تمام اقدامات قانون اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق ہونی چاہیئے اجلاس میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور صوبائی آمدن میں اضافے کیلئے مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 12

ذرائع کے مطابق فورسز نے بلوچستان کے علاقے دشت میرانی میں انسانی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے خواتین اور بچوں سمیت 58 غیرقانونی مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا۔سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ گرفتار افغان باشندے پاکستان کے راستے ایران اور یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے۔سیکورٹی ذرائع کے مطابق حراست میں لیے گئے تمام افراد کو قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ پولیس حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 13

کنٹینرز سے بھر دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ مسائل پارلیمنٹ میں لائے جائیں، حکومت میں بیٹھے لوگ خاموش ہیں، پارلیمنٹ ہاؤس کو ان کیمرا اجلاس بلایا جائے، پارلیمانی لیڈر کے بند کمرے اجلاس کا کوئی فائدہ نہیں۔جے یوآئی سربراہ نے کہا کہ ملک پر قرضوں کا دباؤ بڑھ گیا ہے، ہم بار بار کہتے رہے ہیں کہ دو صوبوں میں کوئی حکومتی رٹ نہیں، سندھ میں جائیں تو وہاں بھی اسٹریٹ کرائمز ہیں، بلوچستان جائیں تو وہاں دن دیہاڑے بینک لوٹے جاتے ہیں، کوئی نظام نہیں کہ بینکوں یا شہریوں کو تحفظ دے سکیں۔مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ گزشتہ روز ہمارے ایک سینیٹر عبدالشکور خان کو ایئرپورٹ پر روک دیا گیا، وہ چینی نہیں جاسکے، ہمارے صوبے میں وزرا کو روڈ پر روک دیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب سے معاہدے کو آگے بڑھنا چاہیے، ان میں مصر اور ایران کو بھی شامل کیا جائے، ساری صورتحال سے قوم کو بے خبر رکھا جارہا ہے۔

بقیہ 14

ہوگئی ہے۔امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل کی رپورٹ کے مطابق رواں ماہ ڈرون حملوں کے باعث سعودی عرب کی ایسٹ ویسٹ پائپ لائن بند ہونے سے خام تیل کی بڑی مقدار ایک بار پھر آبنائے ہرمز کی طرف منتقل ہوگئی ہے جس نے پہلے سے دباؤ کے شکار آئل ٹینکرز کے بیڑے پر مزید بوجھ ڈال دیا ہے۔اخبار کے مطابق اس صورتحال کے اثرات دنیا بھر میں پھیل چکے ہیں کیونکہ آبنائے ہرمز کے اردگرد طویل سفر اور شٹل سروس میں بحری جہازوں کے مصروف ہونے سے آئل ٹینکرز کے یومیہ کرائے ریکارڈ سطح پر پہنچ گئے ہیں۔وال اسٹریٹ جرنل نے بتایا کہ خام تیل لے جانے والے بہت بڑے بحری جہازوں (جنہیں وی ایل سی سی یا سپر ٹینکرز کہا جاتا ہے) کی دستیابی میں اچانک کمی نے آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل کی لاگت کو تاریخ کی بلند ترین سطح تک پہنچا دیا ہے۔میری ٹائم انٹیلی جنس فرم 'وینڈورڈ' کے مطابق رواں ماہ خلیج فارس کے اندر سے تیل لوڈ کر کے آبنائے ہرمز سے گزرنے کیلئے ایک سپر ٹینکر کا کرایہ 10 لاکھ ڈالر یومیہ سے تجاوز کر گیا ہے، موجودہ مارکیٹ قیمت کے لحاظ سے یہ لاگت 26 ڈالر فی بیرل یا خام تیل کی کل مالیت کا تقریبا ایک چوتھائی بنتی ہے۔عام حالات میں شپنگ کے اخراجات خام تیل کی کل مالیت کا بہت معمولی حصہ ہوتے ہیں۔ٹینکرز کی یہ قلت صرف مشرق وسطی تک محدود نہیں رہی بلکہ مغربی افریقا سے چین جیسے دنیا بھر کے دیگر روٹس پر بھی کرایوں میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔کلارکسنز ریسرچ کے مطابق جمعرات کو عالمی سطح پر ایک سپر ٹینکر کی اوسط یومیہ کمائی 651,107 ڈالر تک پہنچ گئی جو کہ سعودی عرب کی ایسٹ ویسٹ پائپ لائن بند ہونے سے ایک ہفتہ قبل کے مقابلے میں تقریبا دوگنی ہے۔شپ ٹریکرز کے مطابق پائپ لائن کی بندش اور ایران کے حمایت یافتہ حوثی عسکریت پسندوں کی جانب سے سعودی بحری جہازوں پر حملوں کے باعث سعودی پرچم بردار بحری جہازوں نے حوثیوں کے زیر کنٹرول آبنائے باب المندب سے گزرنا بند کر دیا ہے۔وینڈورڈ کے مطابق ایک درجن سے زائد سعودی بحری جہاز اب جنوبی افریقا میں کیپ آف گڈ ہوپ کے طویل متبادل راستے سے سفر کر رہے ہیں جس سے فی جہاز 10 لاکھ ڈالر کا اضافی خرچ آ رہا ہے۔شپ ٹریکر کپلر کے اعداد وشمار کے مطابق ایسٹ ویسٹ پائپ لائن پر حملے کے بعد سے ایک درجن سپر ٹینکرز خلیج فارس میں واقع سعودی عرب کے مرکزی لوڈنگ ٹرمینل 'راس تنورہ' سے 2 کروڑ 40 لاکھ بیرل خام تیل لے کر آبنائے ہرمز سے نکل چکے ہیں۔امریکی اخبار کے مطابق سعودی تیل کمپنی آرامکو کے آپریشنز سے واقف ذرائع کے مطابق کمپنی اپنے کچھ ایشیائی گاہکوں کے ساتھ عمان کے ساحل پر ایک جہاز سے دوسرے جہاز میں تیل کی منتقلی کے ذریعے خام تیل پہنچانے پر بات چیت کر رہی ہے۔اخبار کے مطابق دنیا کے تقریبا 900 سپر ٹینکرز میں سے ایک بڑی تعداد اس وقت آبنائے ہرمز کے قریب ان مختصر فاصلے کی شٹل ٹرپ میں مصروف ہے یا پھر کیپ آف گڈ ہوپ کے گرد طویل سفر پر گامزن ہے، جس سے لاگت میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔اخبار کے مطابق کلارکسنز ریسرچ کے سربراہ اسٹیفن گورڈن کے مطابق عالمی وی ایل سی سی بیڑے کا تقریبا 15 فیصد اس وقت عمان کے ساحل پر موجود ہے اس کے علاوہ کیپ آف گڈ ہوپ کے گرد سفر کرنے کی وجہ سے بھی مزید سپر ٹینکرز طویل عرصے کیلئے مارکیٹ میں دستیاب نہیں ہوتے کیونکہ اس متبادل راستے سے سفر کے دورانیے میں مزید دو ہفتے کا اضافہ ہوجاتا ہے۔

بقیہ 15

تبادلہ ہوا، سیکیورٹی فورسز کی فائرنگ سے 4 دہشت گرد جہنم واصل ہو گئے۔فتنہ الہندوستان کے جہنم واصل دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں، جو آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔

بقیہ 16

طرز عمل سے اپنا اور اپنے لوگوں کا نقصان نہ کرائیں، خیبرپختونخوا میں سیکیورٹی کی صورتحال سب کے سامنے ہے، گزشتہ چند روز میں دہشتگردی کے واقعات میں کیپٹن، جوان اور پولیس اہلکار شہید ہوئے، جو پاکستان کے شہداء ہیں سب کو ان کے جنازوں میں شرکت کرنی چاہیے، خیبرپختونخوا میں شہداء کے جنازوں میں صوبائی حکومت کا کوئی رکن شریک نہیں ہوا، یہ بے حسی ہے، سیاسی اختلافات جتنے مرضی ہوں انہیں اس انتہا تک نہیں لے جانا چاہیے، صوبے کی صورتحال پورا پاکستان دیکھ رہا ہے، نئے انتظامی یونٹس، صوبوں کا معاملہ تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور امید ہے یہ ضرور بنیں گے تاہم یہ عوام کی منشاء سے ہی بنیں گے۔پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کی صورت میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے احکامات پر من وعن عمل ہوگا اور جو بھی قانونی راستہ ہوگا استعمال کیا جائے گا۔

بقیہ 17

خان ایڈوکیٹ کی آئینی درخواست پر لورالائی وژوب ڈویژن کے گروپ 2 سے متنازعہ منتخب ممبر بلوچستان بار کونسل ایاز خان مندوخیل ایڈوکیٹ کے خلاف رٹ آف کووارنٹو کے تحت باقاعدہ سماعت کیلئے منظور کرتے ہوئے انکی کامیابی کے نوٹیفکشن مورخہ 17.11.25 کو اس کی حد تک معطل کردیا ہے درخواست گزار کے وکیل امان اللہ کنرانی نے اپنے دلائل میں کہا ہے کہ جو شخص اس سیٹ پر منتخب ہوا ہے اس نے خود الیکشن سے قبل ریٹرننگ آفیسر کو درخواست دی ہے کہ ان کے حلقے میں کوئٹہ سے تقریباً ایک درجن وکلاء کو الیکشن سے چندروز قبل کوئٹہ سے لورالائی اور ژوب منتقل کیا ہے جو رول K-175 ترمیم شدہ نوٹیفکیشن ازاں پاکستان بار کونسل مجریہ 8.9.25 کی خلاف ورزی ہے مگر دونوں مقامات کے سیشن جج پریذائیڈنگ صاحبان نے ریٹرننگ آفیسر کے فیصلے کے برعکس متنازعہ ووٹوں کو شمار کیا جن کی تعداد 3 درجن کے قریب ہے جبکہ کامیاب امیدوار صرف 10 ووٹوں کی برتری سے جیتا ہے اگر یہ ووٹ غیر قانونی طور پر شمار نہ ہوتے تو نتائج اس کے برعکس ہوتے یوں جو شخص اپنے حلقے کے اکثریت ووٹوں کا اعتماد حاصل نہ کرسکے وہ نمائندگی کا دعویٰ نہیں کرسکتا لہذا مذکورہ حلقہ میں الیکشن و کامیابی کینوٹیفکیشن کو کالعدم قرار دے کر دوبارہ انتخاب کے احکامات صادر کئے جائیں اس سلسلے میں انہوں نے PLD 1989 کوئٹہ 25 کا حوالہ دیا جس میں محمد انور خان درانی کی جانب سے میر ظفراللہ جمالی کے وزیراعلیٰ کے انتخاب کو چیلنج کیا گیا تھا دوسرے کیس کا حوالہ دیتے ہوئے PLD 2007 SC 52 میں ایسے ہی ایک ووٹر کی درخواست پر حافظ حمداللہ کو نااہل قرار دینے کے فیصلے کو برقرار رکھا گیا تھا عدالت نے مقدمے کی آئندہ سماعت 5 اکتوبر کو مقرر کی ہے

بقیہ 18

بغیر حکومت بنتی نہیں اور بنے تو چلتی نہیں، پیپلزپارٹی حکومت سے الگ ہوتی ہے تو پھر یہ اقلیت کی حکومت ہو گی، ابھی اپوزیشن اس صورتحال میں نہیں کہ تحریک عدم اعتماد لائے، صوبوں کی جنگ آئین کے مطابق لڑیں گے، ملک میں مہنگائی بڑھ گئی، عوام کے دکھ کا مداوا نہیں ہورہا، کچھ جماعتوں نے احتجاج کا اعلان کیا تو اسلام آباد کنٹینرز سے بھر دیا گیا، سعودی عرب سے معاہدے کو آگے بڑھنا چاہیے اور معاہدے میں مصر اور ایران کو شامل ہونا چاہیے تھا۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پیپلزپارٹی حکومت سے الگ ہوتی ہے تو پھر یہ اقلیت کی حکومت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ابھی اپوزیشن اس صورتحال میں نہیں کہ تحریک عدم اعتماد لائے، ابھی اس حوالے سے کوئی سوچ نہیں نہ تحریک عدم اعتماد پر غور کیا گیا تاہم تحریک عدم اعتماد آتی ہے تو ساتھ دیں گے۔مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پارلیمانی طرز حکومت کو مستحکم نہیں ہونا دیا جارہا ہے، معیشت اور مہنگائی سے ہم سب کو مسئلہ ہے۔جے یوآئی سربراہ نے کہا کہ ہم بار بار کہتے رہے ہیں کہ دو صوبوں میں کوئی حکومتی رٹ نہیں، سندھ میں جائیں تو وہاں بھی اسٹریٹ کرائمز ہیں، بلوچستان جائیں تو وہاں دن دیہاڑے بینک لوٹے جاتے ہیں، کوئی نظام نہیں کہ بینکوں یا شہریوں کو تحفظ دے سکیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز ہمارے ایک سینیٹر کو ایئرپورٹ پر روک دیا گیا، وہ چینی نہیں جاسکے، ہمارے صوبے میں وزرا کو روڈ پر روک دیا جاتا ہے۔مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ملک میں مہنگائی بڑھ گئی، عوام کے دکھ کا مداوا نہیں ہورہا، کچھ جماعتوں نے احتجاج کا اعلان کیا تو اسلام آباد کنٹینرز سے بھردیا گیا۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب سے معاہدے کو آگے بڑھنا چاہیے اور معاہدے میں مصر اور ایران کو شامل ہونا چاہیے تھا۔انہوں نے کہا کہ ہم نے صوبوں کے حقوق کی بات کی ہے، صوبے کے وسائل کے مالک صوبے کے عوام ہیں، صوبوں کی جنگ آئین کے مطابق لڑیں گے۔

بقیہ 19

کرلیا گیا۔پولیس کے مطابق تحقیقات میں 4 سالہ بچی کے نکاح کے معاملے میں 7 ستمبر کو قتل کی گئی اس کی 14 سالہ بہن کے قتل کا تعلق بھی سامنے آیا ہے۔قتل کے الزام میں اس کا شوہر گرفتار کیا جاچکا ہے، جو 4 سالہ بچی سے مبینہ نکاح کرنے والے 60 سالہ دولہے کا ہی بیٹا ہے

بقیہ 20

صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے سلگتے قومی مسائل، بدامنی، بارڈرز و شاہراہوں کی بندش اور بدعنوانی کے خلاف قومی سیاسی جماعتوں، میڈیا اور سول سوسائٹی کو آواز بلند کرنا ہوگی۔ہم اسلام آباد دھرنے میں بلوچستان کا مقدمہ بھی بھرپور انداز میں پیش کریں گے۔جماعت اسلامی بلوچستان کا لانگ مارچ کا مرکزی قافلہ آج دن 10 بجے ہاکی گراونڈ زرغون روڈ کوئٹہ سے روانہ ہوگا۔قیادت میں کرونگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل اور عوام کی مشکلات کو قومی سطح پر اخلاص ونیک نیتی کے ساتھ اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔بلوچستان کے عوام امن کیلئے ترس رہے ہیں، ہر گھر سے جنازے اٹھ رہے ہیں، نوجوان لاپتہ ہورہے ہیں اور مسخ شدہ لاشیں مل رہی ہیں، جو انتہائی تشویشناک صورتحال ہے۔عوام کو امن، روزگار، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ریاست اور حکومت کی ذمہ داری ہے۔مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش سے کاروبار، روزگار اور عام شہریوں کی زندگی شدید متاثر ہورہی ہے۔عوامی مسائل پر محض بیانات تک محدود رکھنے کے بجائے ان کے مستقل اور قابل عمل حل کیلئے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں۔جماعت اسلامی اسلام آباد دھرنے کے ذریعے بلوچستان سمیت ملک بھر کے عوامی مسائل کو قومی سطح پر اجاگر کرے گی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع سے قافلے اسلام آباد دھرنے میں شرکت کیلئے روانہ ہوچکے ہیں، جبکہ آج کوئٹہ اور قریبی اضلاع کا مرکزی قافلہ ان کی قیادت میں روانہ ہوگا۔دیگر اضلاع کے قافلے کراچی اور سکھر کے راستے اسلام آباد پہنچیں گے۔انہوں نے کارکنان و ذمہ داران سے کہا کہ وہ مقررہ وقت پر اپنی گاڑیوں کے ہمراہ ایدھی چوک، ریلوے ہاکی گراونڈ، زرغون روڈ کوئٹہ پہنچیں۔مرکزی قافلہ 23 ستمبر کو صبح 10 بجے روانہ ہوگا جبکہ میڈیا سے گفتگو اور خصوصی خطاب صبح 11 بجے ہوگا۔انہوں نے ارکان و ذمہ داران سے بروقت شرکت کی درخواست کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوامی مسائل کو قومی سطح پر اجاگر کرنے میں میڈیا کا کردار اہم ہے۔

بقیہ 21

آسانی (BusinessDoingofEase) ہمارا مشن ہے۔ سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو سازگار ماحول، ضروری سہولیات اور ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔اپنے دفتر میں کاروباری شخصیات کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کیلئے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع سے مقامی اور غیرملکی سرمایہ کار بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ سرمایہ کاروں کو مختلف شعبوں میں رہنمائی، سہولت کاری اور ضروری معاونت فراہم کر رہا ہے تاکہ سرمایہ کاری کے عمل کو آسان، شفاف اور موثر بنایا جاسکے

بقیہ 22

اپنی محبت، عقیدت اور سیاسی وابستگی کا اظہار کیا۔تقریب میں پیپلزپارٹی کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک، وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ، صوبائی رہنماؤں حاجی خان محمد بڑیچ، حیات خان اچکزئی اور اختر بلوچ، پیپلز لیبر بیورو کے صدر شاہجہان گجر، میر یوسف بنگلزئی، کوئٹہ سٹی کے سینئر نائب صدر سید ایوب آغا، نائب صدر زبیر بڑیچ سمیت دیگر پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں نے شرکت کی۔اس موقع پر پارٹی رہنماؤں نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹا اور انہیں سالگرہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی صحت، درازی عمر اور سیاسی کامیابیوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 23

صرف اپنے مستقبل کو بہتر بنائیں بلکہ ملک وقوم کے مستقبل کی تعمیر میں بھی اپنا کردار ادا کریں۔اس ضمن میں وائس چانسلر محض کسی اعلیٰ تعلیمی ادارے کا سربراہ ہی نہیں ہوتا بلکہ وہ نوجوان نسل کے مستقبل، جدید ریسرچ کے فروغ اور معاشرے کی فکری سمت کے تعین میں بھی کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ ہماری مشترکہ کاوشوں سے تمام سرکاری یونیورسٹیوں کو معیار اور مقدار کے اعتبار سے بلند تر مقام تک پہنچانے میں ہم کامیاب ہوئے ہیں جو سب کیلئے باعث فخر ومسرت ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں گورنر ہاؤس کوئٹہ میں گوادر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رزاق صابر اور تربت یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کی وسیع وعریض ساحلی پٹی میں مستقبل کی ایک بڑی معاشی وتجارتی صلاحیت موجود ہے۔گوادر اور تربت صرف جغرافیائی اہمیت نہیں رکھتے بلکہ بلیو اکانومی، میری ٹائم ٹریڈ، ماہی گیری، کوسٹل مینجمنٹ اور سمندری وسائل کے حوالے سے بھی غیر معمولی امکانات رکھتے ہیں۔اس روشن مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے گوادر یونیورسٹی اور تربت یونیورسٹی دونوں کے کندھوں پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں کہ وہ اپنے تعلیمی پروگرامز اور تحقیقی ترجیحات کو اپنی مقامی معاشی ضروریات سے ہم آہنگ کریں

بقیہ 24

کے تبادلے کے بعد دو مبینہ ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کے قبضے سے شہری سے چھینی گئی موٹرسائیکل اور ایک پسٹل برآمد کرلیا گیا، جبکہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔پولیس کے مطابق ایس پی چمن کی خصوصی ہدایات پر ڈژہ بند پولیس چوکی کے انچارج انسپکٹر محمد حنیفیا کی سربراہی میں پولیس فورس چمن کوئٹہ قومی شاہراہ اور گردونواح میں امن وامان کے قیام کیلئے 24 گھنٹے گشت اور سنیپ چیکنگ کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔پولیس کو اطلاع ملی کہ ڈژہ بند کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر ایک شہری سے موٹرسائیکل چھین لی ہے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کا تعاقب کیا، جس پر ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی۔پولیس کے مطابق دوطرفہ فائرنگ کے تبادلے کے بعد دونوں مبینہ ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔گرفتار ملزمان کے قبضے سے مسروقہ موٹرسائیکل اور ایک پسٹل برآمد کرلیا گیا۔پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی اور تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 25

صلاحیت بڑھانے کی کوششیں تیز کرنا ہوں گی۔یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جولائی اور اگست 2026 کے دوران چین کے ساتھ پاکستان کا تجارتی خسارہ بڑھ کر 3 ارب 77 کروڑ ڈالر ہوگیا، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 2 ارب 67 کروڑ ڈالر تھا۔چین سے درآمدات 3 ارب ڈالر سے بڑھ کر 4 ارب 24 کروڑ ڈالر ہوگئیں، جبکہ پاکستان کی چین کو برآمدات 33 کروڑ ڈالر سے بڑھ کر 48 کروڑ ڈالر تک پہنچیں۔سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ پاکستان کی چین کو برآمدات میں تقریباً 45 فیصد اضافہ ایک مثبت پیش رفت ہے، جو حکومتی اقدامات اور پاکستانی برآمدکنندگان کی کوششوں کی عکاسی کرتا ہے

بقیہ 26

کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے تمام آئینی اور سیاسی آپشنز کا استعمال کیا، شنوائی نہیں ہوتی تو لانگ مارچ کا اعلان کیا۔وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ 2 سال مکمل ہونے کو ہیں، کوئی لانگ مارچ اور احتجاج نہیں کیا، ہم چوردروازوں سے نہیں آتے، عوامی لوگ ہیں جمہوریت سے آتے ہیں، سہیل آفریدی نے سوال کیا کہ جب سے میں وزیراعلیٰ بنا ہوں میں نے کون سا احتجاج کیا ہے؟

بقیہ 27

دہائیوں کی حکومت ہو اور لوگ ہر لحاظ سے پسماندہ ہوں اب ایسا نہیں ہوگا یکساں انصاف ملے گا یہاں لوگ زمین الاٹ کروا رہے ہیں اسے کینسل کرائیں گے۔سردار اختر جان انگاریہ کی شمولیت سے جو طاقت اور عزت ملی وہ بھی نہیں بھولوں گا ان کی درخواست پر اسکول بچوں کے لئے بس 15 دن میں فراہم کی جائے گی۔اربوں روپے لاگت سے لسبیلہ کینال تعمیر ہوگی صدر نے یہاں ڈیم دیا۔انہوں نے کہا کہ سیاست میں آنا جانا لگا رہتا ہے یہ بھی ہوسکتا ہے جلد آپ دیکھیں بھوتانی بھی پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کریگا شائستہ سیاست کا حامی ہوں لیکن جلد وہ بھی جا کر وہاں بھوتانی برادران سے سوال کروں گا اربوں روپے جو لائے وہ کہاں خرچ کئے وہ چاہتے ہیں میں دربھی نہ جاؤں لیکن ضرور جاؤں گا بلوچ بھائیوں سے گزارش آئیں ہم آپ کو روزگار باعزت زندگی دینے کی کوشش کریں گے۔ہم نے یہاں دو کروڑ 60 لاکھ روپے کی لاگت سے 4 اسکول تعمیر کیے نوید مونددرہ کو حلقے کے لئے 9 کروڑ کی اسکیمات دیں مختلف علاقوں میں پہلے ہی ہوم سولر دے چکا ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ صدر آصف علی زرداری میانی ہور میں گوادر پورٹ کی طرز پر پورٹ بنانے کے خواہاں ہیں وندر میں 18 اسکولوں میں سولر سسٹم لگایا جبکہ وندر میں پارٹی آفس کا بھی جلد قیام عمل میں لایا جائے گا۔انگاریہ قبائل و مسلک برادریوں کے سربراہ سردار اختر جان انگاریہ نے مختلف قبائل سے تعلق رکھنے والے معززین کے ہمراہ سیکڑوں ساتھیوں سمیت میر علی حسن زہری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی علاوہ ازیں ان کا وندر بازار پہنچنے سے پہلے پرتپاک استقبال کیا گیا اور ریلی کی شکل میں جلسہ گاہ پہنچایا گیا۔

بقیہ 28

حکام کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے فوری کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی، جبکہ دیگر مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی حاجی نورمحمد دمڑ نے کہا کہ عوامی خدمت اور لوگوں کے مسائل کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔عوام کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ہرممکن اقدامات کیے جائیں گے اور جائز مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اس موقع پر ملاقات کرنے والے افراد نے اپنے مسائل سننے، فوری کارروائی اور حل کی یقین دہانی پر صوبائی وزیر حاجی نورمحمد دمڑ کا شکریہ ادا کیا اور ان کے عوام دوست رویے کو سراہا۔

بقیہ 29

عوامی مسائل سے متعلق اپنی گزارشات پیش کیں اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ عوامی مسائل سے آگاہی اور ان کے حل کیلئے شہریوں سے مسلسل رابطہ ضروری ہے۔ان کی رہائش گاہ پر ہونے والی یہ ملاقاتیں عوامی مسائل کے ادراک، تجاویز کے حصول اور شہریوں کی مشکلات کے ازالے کیلئے موثر رابطے کا ذریعہ بن رہی ہیں۔

بقیہ 30

دستیاب سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے بریفنگ دی۔ زاہد حسین بلوچ نے اسکول میں تعلیمی معیار، طلبہ کی حاضری، تدریسی عمل اور بنیادی سہولیات کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے تعلیمی سرگرمیوں کو مزید موثر بنانے پر زور دیا ضلعی ایجوکیشن آفیسر نے محکمہ تعلیم بلوچستان اور یونیسیف کے زیر اہتمام جاری 16 روزہ اساتذہ تربیتی ورکشاپ کا بھی دورہ کیا۔انہوں نے تربیتی پروگرام میں شریک اساتذہ سے ملاقات کی اور تربیتی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے اور جدید تدریسی طریقوں کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان تعلیمی معیار کی بہتری، اساتذہ کی استعداد کار میں اضافے، طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی اور سرکاری تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی بہتری کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کرتے ہوئے طلبہ کی تعلیمی و اخلاقی تربیت پر خصوصی توجہ دیں۔

بقیہ 31

سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے کی مہم کا افتتاح کیا۔اس موقع پر سماجی رہنما محمد علی اچکزئی اور ضلعی پولیو افسر محمد اشرف اچکزئی بھی موجود تھے۔ضلعی انتظامیہ کے مطابق مہم کے دوران ضلع چمن میں 83 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ پولیو ٹیمیں ضلع بھر میں گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائیں گی۔مہم کے دوران چمن شہر کے داخلی وخارجی راستوں اور اہم چیک پوسٹوں پر بھی پولیو ٹیمیں تعینات رہیں گی، جہاں گاڑیوں اور موٹرسائیکلوں پر سفر کرنے والے اور پیدل چلنے والے بچوں کو بھی پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے

بقیہ 32

گیا۔ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے واضح کیا ہے کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی، صارفین کے حقوق کے تحفظ اور گرانفروشی و ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔کارروائی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی محمد امیر حمزہ اور اسپیشل مجسٹریٹ اعجاز حسین کھوسہ نے کی

بقیہ 33

موجودگی کو ختم کرنا ہے۔ سیکرٹری صحت کا مزید کہنا تھا کہ سرحد پار افغانستان سے وائرس پاکستان کی جانب منتقل ہورہا ہے، جبکہ صوبے کے سرحدی اضلاع ژوب اور چمن کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا ہے۔انہوں نے تمام والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر کے ہر بچے کو پولیو کے قطرے لازمی پلائیں تاکہ انہیں معذوری سے بچایا جاسکے۔ کوآرڈینیٹر ای او سی انعام الحق نے بتایا کہ افغانستان میں بھی 21 ستمبر سے انسداد پولیو مہم شروع ہوچکی ہے۔وہاں پولیو وائرس کی سرکولیشن زیادہ ہے جو ہمارے لیے بھی ایک بڑا چیلنج ہے۔

بقیہ 34

ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی، ڈبلیو ایچ او کیچ کے ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر ارسلان، ظریف عالیان، پولیو ٹیموں کے ارکان اور محکمہ صحت کے دیگر متعلقہ اہلکار بھی موجود تھے۔اس موقع پر انہوں نے بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے۔اس موقع پر میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے والدین، عوام، محکمہ صحت اور معاشرے کے تمام طبقات کی مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں اور گھر گھر آنے والی پولیو ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں۔

بقیہ 35

اساتذہ، علمائے کرام اور معاشرے کے تمام طبقات سے اپیل کی کہ وہ محکمہ صحت اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کیلئے حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں ڈپٹی کمشنر نے مہم کے دوران مائیکرو پلاننگ پر موثر عملدرآمد، پولیو ٹیموں کی تربیت، ویکسین اور ضروری سامان کی بروقت فراہمی، کمیونٹی موبلائزیشن اور رہ جانے والے بچوں کی فوری کوریج یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ یونین کونسل، تحصیل اور ضلعی سطح پر روزانہ کی بنیاد پر مہم کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا ضلعی ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر یاسر طاہر نے بتایا کہ قومی انسداد پولیو مہم 21 سے 24 ستمبر 2026 تک جاری رہے گی، جس کے دوران ضلع گوادر میں پانچ سال تک عمر کے 35 ہزار 664 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

بقیہ 36

پر دستخط کیے گئے۔مفاہمتی یادداشت پر بلوچستان ہیلتھ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (DHIS2/BHMIS) کی جانب سے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اباگر بلوچ جبکہ یونیورسٹی آف اوسلو کے HISP سینٹر کی جانب سے پروفیسر ڈاکٹر کرسٹن براٹ نے دستخط کیے۔ یہ مفاہمتی یادداشت سیکرٹری صحت بلوچستان سید مجیب الرحمن کی موجودگی اور نگرانی میں طے پائی۔تقریب میں یونیسیف بلوچستان کی جانب سے ڈاکٹر عامر، بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر احمد ولی اور ہیلتھ سروسز ریفارم یونٹ (HSRU) بلوچستان کے ڈاکٹر شاہ کو بھی میٹنگ بھی موجود تھے۔بلوچستان میں DHIS2 کے نفاذ، رپورٹنگ کمپلائنس میں بہتری اور نظام کو فعال و موثر بنانے میں یونیسیف پاکستان کا تعاون بنیادی اہمیت کا حامل رہا ہے۔ یونیسیف پاکستان نے متعلقہ عملے کی تربیت، ضروری آلات کی فراہمی، عملی نفاذ، مسلسل تکنیکی معاونت اور فیڈ بیک کی بنیاد پر نظام میں بہتری کیلئے بھرپور تعاون فراہم کیا۔اسی طرح HISP پاکستان نے یونیسیف کے تعاون سے DHIS2 کی تکنیکی تشکیل، مقامی ضروریات سے ہم آہنگی اور صوبے بھر میں اس کے موثر نفاذ میں کلیدی کردار ادا کیا۔ان مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ انفارمیشن سسٹم کو مضبوط بنانے اور ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی کو فروغ دینے میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے

بقیہ 37

پولیو کا کوئی نیا کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے، تاہم اس وقت سب سے بڑا چیلنج ماحولیات میں وائرس کی موجودگی کو ختم کرنا ہے۔ سیکرٹری صحت کا مزید کہنا تھا کہ سرحد پار افغانستان سے وائرس پاکستان کی جانب منتقل ہو رہا ہے، جبکہ صوبے کے سرحدی اضلاع ژوب اور چمن کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا ہے۔انہوں نے تمام والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر کے ہر بچے کو پولیو کے قطرے لازمی پلائیں تاکہ انہیں معذوری سے بچایا جاسکے۔ کوآرڈینیٹر ای او سی انعام الحق نے بتایا کہ افغانستان میں بھی 21 ستمبر سے انسداد پولیو مہم شروع ہوچکی ہے۔وہاں پولیو وائرس کی سرکولیشن زیادہ ہے جو ہمارے لیے بھی ایک بڑا چیلنج ہے۔

بقیہ 38

چیت کرتے ہوئے سید امان شاہ نے کہا کہ پاکستان کو معاشی، سیاسی اور انتظامی چیلنجز کا سامنا ہے، ایسے حالات میں ذاتی، جماعتی اور گروہی مفادات کے بجائے قومی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ملک کے مستقبل کے حوالے سے تمام سیاسی قوتوں کو سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک دوسرے کے موقف کو برداشت کرنا اور قومی معاملات پر مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ سیاسی استحکام کے بغیر معاشی ترقی اور پائیدار امن کا حصول مشکل ہے،اس لیے ضروری ہے کہ تمام ادارے اپنے آئینی دائرہ کار میں رہتے ہوئے ملک کے استحکام کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔عوام پاکستان پارٹی سمجھتی ہے کہ قومی مسائل کا حل کسی ایک جماعت یا ادارے کے پاس نہیں بلکہ باہمی مشاورت، شفاف طرز حکمرانی اور اجتماعی فیصلوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

بقیہ 39

ومشکلات سے آگاہ کیا صوبائی وزیر حاجی نورمحمد دمڑ نے عوام کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو سنجیدگی سے سنا اور متعلقہ امور پر تفصیلی غور کیا۔انہوں نے بعض مسائل کے حل کیلئے موقع پر ہی متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے فوری کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی، جبکہ دیگر مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی حاجی نورمحمد دمڑ نے کہا کہ عوامی خدمت اور لوگوں کے مسائل کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔عوام کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ہرممکن اقدامات کیے جائیں گے اور جائز مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اس موقع پر ملاقات کرنے والے افراد نے اپنے مسائل سننے، فوری کارروائی اور حل کی یقین دہانی پر صوبائی وزیر حاجی نورمحمد دمڑ کا شکریہ ادا کیا اور ان کے عوام دوست رویے کو سراہا۔

بقیہ 40

(CPD) پروونشل انسٹی ٹیوٹ فار ٹیچر ایجوکیشن (PIET) بلوچستان کے زیر اہتمام اساتذہ کی 16 روزہ تربیتی نشست کا آغاز ہوگیا تربیتی ورکشاپ پروگرام گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول متانی ریک بازار پنجگور میں جاری ہے، جس میں ضلع گوادر کے مختلف سرکاری اسکولوں سے تعلق رکھنے والے اساتذہ شرکت کر رہے ہیں۔ تربیت کے دوران اساتذہ کو انگریزی، اردو، ریاضی اور جدید تدریسی طریقہ کار (پیڈاگوجی) کے حوالے سے عملی وعلمی تربیت فراہم کی جا رہی ہے ضلعی ٹریننگ منیجر صفر ناصر کی نگرانی میں جاری تربیتی نشست کا مقصد اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ، جدید تدریسی حکمت عملی سے آگاہی اور کلاس روم میں طلبہ کو موثر تعلیمی رہنمائی فراہم کرنے کی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانا ہے۔

بقیہ 41

ہے محرومیوں کے خاتمے کے لئے ہم نے پیپلزپارٹی میں شمولیت کی ہے امید ہے ہمارے تمام مسائل حل اور نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا کئے جائیں گے۔سردار اختر جان انگاریہ نے کہا کہ لسبیلہ اور حب سے یہاں آنے والے ان تمام برادریوں کے لوگوں کا بے حد مشکور ہوں جو اس سفر میں ہمارے ساتھ آئے ہیں ہماری کسی رنجش نہیں جو ہمیں عزت دیتے رہے ہم انہیں عزت دیتے رہے حب اور لسبیلہ کے لوگ دہائیوں سے پسماندہ ہیں جدید ترقی اور بنیادی ضروریات یہاں کے لوگوں کا بھی حق ہے۔اسکول، بس، پینے کے پانی، صحت، روزگار جیسی بنیادی ضروریات کے متقاضی ہیں اور ہم میر علی حسن زہری کے مشکور ہیں جنہوں نے ہمیں عزت بخشی اور ہمارے مسائل کے حل کے لئے بھرپور یقین دہانی کرائی ہم بھی انہیں یقین دہانی کرتے ہیں کہ پیپلزپارٹی کا پروگرام گھر گھر پہنچائیں گے۔اس موقع پر پاکستان پیپلزپارٹی لسبیلہ کے صدر شاہنواز حسن جاموٹ، یوسی 12 یوتھ کونسلر کراچی پاکستان پیپلز پارٹی PS111 حاجی اظہر انگاریہ، نواز علی دودا، سردار زادہ عابد انگاریہ، عبدالرشید انگاریہ، دریا خان انگاریہ، عبدالخالد انگاریہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے 70 سالہ اور 40 سالہ دور بھی دیکھے ہمارے بزرگوں نے عمریں گنوا دیں ہماری عمریں بھی گزر رہی ہیں مگر پسماندگی دور نہیں ہوئی۔وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ نے کہا کہ پیپلز پارٹی مسکینوں شہیدوں کی جماعت ہے پڑھے لکھے لوگوں کو میرٹ کی بنیاد پر روزگار ملنا چاہیے سردار اختر جان انگاریہ کو پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔نواز علی دودا نے کہا کہ میر علی حسن زہری وعدے کے پکے ہیں حب کی طرح وندر میں بھی ماسٹر پلان دیں گے۔محمد دین مونددرہ نے کہا کہ میر علی حسن زہری اگلا الیکشن آپکا ہے سردار اختر جان انگاریہ کے آنے سے حب اور لسبیلہ میں پارٹی مزید مضبوط ہوگی۔اس موقع پر میر مولابخش بزنجو، چیئرمین جاوید جمالی، سکندر جتک، ملوک بنگلزئی، پیپلزپارٹی حب کے صدر شریف پالاری، چیئرمین میونسپل کارپوریشن گل حسن محمد حسنی، ضلعی وائس چیئرمین کمال خان محمد حسنی، ممتاز قانون دان غلام رسول انگاریہ، میر حبیب حسرت میروانی، چیئرمین گڈانی جانشیر حمید بلوچ، حبکو چیئرمین وڈیرہ خالق داد گازرئی، منظور حسین انگاریہ، کامریڈ امام بخش انگاریہ، جنرل سیکریٹری غلام مصطفی بلوچ، صدر یوتھ ثناء اللہ انگاریہ، سابق وی سی امیر بخش بھٹائی انگاریہ، حاکم ابراہیم انگاریہ، ذوالفقار جمالی، مجاہد جمالی، کونسلر رزاق لاسی، وڈیرہ فقیر عطاء اللہ نازش، غلام قادر انگاریہ، عبدالشکور یامین انگاریہ، عبدالستار خدرانی، وڈیرہ ولی محمد بزنجو، ڈاکٹر احمد علی انگاریہ، ودیگر موجود تھے۔

بقیہ 42

وزیر حاجی علی مدد جتک، وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ، صوبائی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ، حیات خان اچکزئی اور اختر بلوچ، پیپلز لیبر بیورو کے صدر شاہجہان گجر، میر یوسف بنگلزئی، کوئٹہ سٹی کے سینئر نائب صدر سید ایوب آغا، اور نائب صدر زبیر بڑیچ سمیت دیگر مقامی رہنما بھی تقریب میں موجود تھے۔ پارٹی رہنماؤں نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹا اور ان کی لمبی عمر، صحت اور سیاسی کامیابیوں کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 43

کارکنان اور ذمہ داران سے ملاقاتیں، تنظیمی اجلاس اور عوامی جلسے منعقد کیے جائیں گے۔ شیڈول کے مطابق 10 اکتوبر لاڑکانہ ڈویژن، جامعہ اسلامیہ لاڑکانہ میں، 11 اکتوبر قمبر ڈویژن، جامعہ عثمانیہ، خانپور روڈ، قمبر، 12 اکتوبر میرپورخاص ڈویژن، سلیم لان بچگنگ سینٹر، میرپورخاص، 13 اکتوبر 2026 سکھر ڈویژن، جامعہ حمادیہ منزل گاہ سکھر، 17 اکتوبر کراچی ڈویژن، جامعہ انوارالعلوم، مہران ٹاؤن، کورنگی کراچی جبکہ شیڈول 18 اکتوبر جنوبی کراچی، 19 اکتوبر 2026 ملیر کراچی،20 اکتوبر :2026 کورنگی کراچی، پ21 اکتوبر جامشورو،22 اکتوبر نوابشاہ، 24 اکتوبر 2026، دادو، 25 اکتوبر 2026 نوشہروفیروز اس کے بعد 11 اور 12 نومبر 2026 کو خیرپور میرس، 15 اور 16 نومبر کو قمبر شہداد کوٹ، جبکہ 17 اور 18 نومبر 2026 کو جیکب آباد میں پروگرام رکھا گیا ہے

بقیہ 44

علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عمومی کا اجلاس 8 اکتوبر کو منعقد ہوگا جس میں جماعتی نظم وضبط، تنظیمی امور، کوئٹہ میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور شہری مسائل سمیت اہم امور پر غور وخوض کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ اجلاس کے لیے دعوت نامے تیار کیے جاچکے ہیں جو متعلقہ یونٹوں کے ذریعے اراکین عمومی تک بروقت پہنچائے جائیں گے۔اجلاس میں شرکت کے لیے دو ہزار سے زائد اراکین عمومی کو دعوت نامے جاری کیے جاچکے ہیں انہوں نے تمام اراکین عمومی پر زور دیا کہ وہ اپنے متعلقہ یونٹ کے ذمہ داران سے رابطے میں رہتے ہوئے دعوت نامہ بروقت وصول کریں اجلاس کے مقررہ وقت اور مقام پر اپنی شرکت یقینی بنائیں اور جماعتی نظم وضبط کی پاسداری کرتے ہوئے اجلاس کو منظم اور کامیاب بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔اراکین عمومی کی شرکت محض ایک رسمی حاضری نہیں بلکہ جماعتی مشاورت، تنظیمی استحکام اور آئندہ کے لائحہ عمل کی تشکیل میں ان کی دستوری وجماعتی ذمہ داری کا تقاضا ہے۔

بقیہ 45

پر مسلط ٹولے کی بداعمالیاں، بدکرداریاں ریاست، حکومت کی آئین، سیاست اور جمہوریت مخالف کردار کی کھلی مظہر ہے۔جس میں پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی بہن کو بھی نہیں بخشا گیا۔ پشتونخوامیپ تحریک انصاف کے رہنماؤں، کارکنوں کی گرفتاریوں پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتی ہوئے اسکی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ریاست کی بنیاد عوام اور ان کا سیاسی جمہوری مینڈیٹ ہوا کرتا ہے لیکن گزشتہ نام نہاد الیکشن میں عوام کے مینڈیٹ کا جس طرح مذاق اڑایا گیا۔

بقیہ 46

میر حسن، سکنہ کوٹھ پہلوان، تحصیل جھل مگسی شدید زخمی ہوا، جسے فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال گنداوہ منتقل کیا گیا، جہاں اسے طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے کارروائی شروع کرتے ہوئے ملزمان کی تلاش اور واقعے کی وجوہات کا تعین کرنے کیلئے تفتیش کا آغاز کردیا ہے۔

بقیہ 47

خان، جیلچی، ریکوری انسپکٹر عبید نے اہم کردار ادا کیا۔اسی سلسلے میں لیبر کالونی نواں کلی میں بھی ایسے تمام افراد کے خلاف کارروائی جاری ہے جو غیر مجاز یا قواعد وضوابط کے برخلاف فلیٹس پر قابض ہیں۔اس اقدام کا مقصد سرکاری رہائشی فلیٹس کو غیر مجاز قبضوں سے پاک کر کے حقیقی، اہل اور مستحق ورکرز کے لیے مختص کرنا ہے۔سیکریٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان عبدالستار بلیدی کی ہدایات کے تحت کیے جانے والے یہ اقدامات محنت کش طبقے کے جائز حقوق کے تحفظ، رہائشی سہولیات کی منصفانہ فراہمی اور بورڈ کے وسائل کو حقیقی مستحقین تک پہنچانے کے عزم کا اظہار ہیں۔ان کی قیادت میں ورکرز کی فلاح و بہبود اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے متعدد مزدور دوست اقدامات جاری ہیں

بقیہ 48

مہراللہ بادینی، پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن، مدارس ایسوسی ایشن اور سرکاری اسکولوں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے ضلع کوئٹہ میں پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور اسکولوں، مدارس اور تعلیمی اداروں کے تعاون سمیت مہم کے دوران کیے گئے اقدامات اور حاصل ہونے والے نتائج سے آگاہ کیا۔اس موقع پر سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی نے پولیو کے خاتمے کیلئے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے تمام اداروں کا باہمی تعاون اور مربوط اقدامات ناگزیر ہیں۔اجلاس میں آئندہ پولیو مہم کے دوران اسکولوں، مدارس اور دیگر تعلیمی اداروں کے بھرپور تعاون کو یقینی بنانے اور بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کیلئے موثر اقدامات پر بھی غور کیا گیا اجلاس میں پولیو مہم کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پرائیویٹ اسکولوں، مدارس اور سرکاری اسکولوں کے نمائندگان میں تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے

بقیہ 49

کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں۔اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 24 ستمبر 2026 بروز (جمعرات) بوقت صبح 00:11 تا 00:01 بجے سہ پہر کو نیب (بلوچستان) کے دفتر واقع شاہراہ گلستان کوئٹہ کینٹ میں کیا جائے گا درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔

1۔نام بمعہ ولدیت 2۔کاپی قومی شناختی کارڈ 3۔مکمل پتہ/ ایڈریس 4۔نشان انگوٹھا/ دستخط 5۔رابطہ نمبر موبائل/ گھر/ ای میل واضح کیا جاتا ہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب کم نام/ فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا۔صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں اُن پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ایسی شکایات پر کارروائی سے قبل شکایات کنندگان سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر لیا جائے گا۔ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیب میں شکایات مندرجہ ذیل طریقہ سے جمع کروائی جاسکتی ہیں۔

1۔ بذریعہ ڈاک/ بذات خود نیب بلوچستان دفتر واقع شاہراہ گلستان، کوئٹہ کینٹ 2۔بذریعہ ای میل balochistan@nab.gov.pk 3۔بذریعہ ڈاک/ بذات خود نیب کے دفتر شکایات واقع DC آفس انسکمب روڈ کوئٹہ 4۔ بذریعہ کھلی کچہری ڈائریکٹر جنرل سے بالمشافہ ملاقات کے ذریعہ (ہرماہ کی آخری جمعرات) مزید معلومات کیلئے علاقائی دفتر شکایات نیب بلوچستان کے فون نمبرز: 9203614-081، 9203468-081 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 50

نے طالبات سے مختلف تعلیمی سوالات کیے اور ان کی تعلیمی استعداد، معلومات اور تدریسی سرگرمیوں کے حوالے سے گفتگو کی۔انہوں نے اساتذہ کی حاضری بھی چیک کی اور غیر حاضر اساتذہ کو آئندہ باقاعدگی سے حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت سرکاری تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم، اساتذہ کی بروقت حاضری اور تعلیمی سرگرمیوں کا تسلسل یقینی بنانا اولین ترجیحات میں شامل ہے

بقیہ 51

حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری خصوصی خطاب فرمائیں گے، جبکہ پیر دستگیر سیدنا غوث اعظم کی یاد میں فیضان مدینہ میں ہونے والے اس سالانہ عظیم الشان اجتماع میں ملک کے چاروں صوبوں سندھ، بلوچستان، خیبرپختونخوا، پنجاب کے عاشقان رسول شرکت کریں گے۔اس اجتماع میں خاص طور پر سندھ کے کونے کونے سے قافلوں کی بڑی تعداد پہنچی ہے۔

بقیہ 52

ان زمینوں پر ہزاروں کھجور کے درخت موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارے دادا مرحوم سخی محمد عمر کبدانی اور ملک محمد ابراہیم مرحوم نے اپنی جوانی کے دور میں ان زمینوں کو آباد کرنے کے لیے کھجور کے باغات لگائے اور اپنی محنت سے اس علاقے کو نخلستان کی شکل دی۔ انہوں نے کہا کہ پورے نوکنڈی کے قبائل بخوبی جانتے ہیں کہ ہماری جدی پشتی زمینیں کہاں سے شروع ہوتی ہیں اور کہاں تک پھیلی ہوئی ہیں،اس حوالے سے مقامی سطح پر شواہد اور واقفیت بھی موجود ہے۔میر سعید احمد کبدانی نے واضح کیا ہے کہ ہماری جدی پشتی زمینوں، خصوصاً نوکنڈی نخلستان اور سی پیک روڈ سے متصل ہمارے زمین پر ہماری مرضی کے بغیر ایک اینٹ بھی رکھنے کی کوشش نہ کی جائے، تاکہ کسی قسم کی غلط فہمی یا تنازع پیدا نہ ہو۔انہوں نے کہا کہ نوکنڈی کے مختلف قبائل کا ایک خوبصورت گلدستہ ہے، جہاں تمام قبائل کے درمیان صدیوں سے رشتے، تعلقات، دوستی اور بھائی چارہ قائم ہے۔نوکنڈی کے قبائل ایک دوسرے کے دکھ درد، خوشی اور غم میں ہمیشہ شریک رہے ہیں اور یہی باہمی احترام اور رواداری اس علاقے کی اصل طاقت ہے۔میر سعید احمد کبدانی نے کہا ہے کہ قبائل کے درمیان غلط فہمیاں، دوریاں یا اختلافات پیدا ہوں۔ہم نہیں چاہتے ہیں

بقیہ 53

اور دیگر سینئر رہنماؤں نے شرکت کیا اس کے بعد چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا۔اس موقع پر کارکنان نے زندہ ہے بھٹو زندہ ہے اور جئے بلاول کے فلک شگاف نعرے لگائے اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی درازی عمر، صحت وسلامتی اور ملک وقوم کی ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں، جبکہ آئے ہوئے مہمانوں میں مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔

بقیہ 54

، بزرگوں، خصوصی افراد اور دیگر مستحق افراد کو درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطے اور تعاون کو مزید بہتر بنایا جارہا ہے اس کے ساتھ ساتھ سوشل ویلفیئر کے زیر انتظام فلاحی مراکز میں دستیاب سہولیات کو بہتر بنانے اور مستحق افراد کو بروقت خدمات کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے شگفتہ گل عمرانی نے کہا کہ عوامی شکایات اور مسائل کے ازالے کے لیے دستیاب وسائل کو موثر انداز میں استعمال کیا جارہا ہے، جبکہ فلاحی اداروں کی کارکردگی اور انتظامی امور کو بہتر بنانے کے لیے بھی عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستحق افراد کی مشکلات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے متعلقہ حکام اور اداروں کے ساتھ رابطہ رکھا جارہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر کے فلاحی منصوبوں کے ثمرات حقیقی مستحق افراد تک پہنچانا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔سماجی بہبود کے اقدامات کو مزید موثر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں اور مستقبل میں بھی عوامی فلاح، خواتین کی معاونت اور ضرورت مند افراد کو سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 55

کہ بلوچستان کے بحران کی بنیادی وجہ مسئلے کے حل کے حوالے سے مسلسل غیر سنجیدگی، سیاسی سرد مہری اور وقتی مفادات پر مبنی پالیسیوں کا تسلسل ہے۔ ہر دور میں صوبے کے دیرپا حل کیلئے قابل عمل تجاویز پیش کی گئیں مگر انہیں دانستہ نظرانداز کیا گیا، جبکہ اصل مسائل کے حل کے بجائے نت نئی تاویلات اور مصنوعی بیانیے تراشے جاتے رہے۔انہوں نے کہا کہ ہائبرڈ نظام کا تجربہ مکمل طور پر ناکام ثابت ہو چکا ہے اور اس ناکام تجربے کی بھاری قیمت عوام اور ریاست دونوں نے ادا کی ہے۔گزشتہ عام انتخابات اور اس سے قبل ہونے والے انتخابی عمل کو جس انداز میں عوامی مینڈیٹ کا مذاق بنایا گیا، آج بلوچستان میں پیدا ہونے والی بے چینی، سیاسی عدم استحکام اور بداعتمادی اسی کے براہ راست نتائج ہیں۔اگر ریاست واقعی بلوچستان میں پائیدار امن، سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی کی خواہاں ہے تو اس کا واحد راستہ عوامی مینڈیٹ کی غیر مشروط بحالی، شفاف، آزاد اور غیر جانبدار دوبارہ انتخابات کا انعقاد اور عوام کے حق حکمرانی کا مکمل احترام ہے۔انہوں نے کہا کہ اپنی پالیسیوں اور غلط فیصلوں کا احتساب کرنے کے بجائے سیاسی قیادت کی کردار کشی کرنا اور اسے مسائل کا ذمہ دار ٹھہرانا نہ صرف جمہوری اقدار کے منافی ہے بلکہ یہ ملک کے سیاسی مستقبل کیلئے بھی انتہائی خطرناک رجحان ہے۔

بقیہ 56

سرفراز بگٹی محمد ہاشم کے گھر بھی گئے اور ان کے والد حاجی عبدالواحد کے انتقال پر اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔وزیراعلیٰ نے مرحوم کیلئے مغفرت اور لواحقین کیلئے صبر واستقامت کی دعا کی۔اس موقع پر صوبائی وزراء پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 57

ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے فیلڈ میں موجود فرنٹ لائن ورکرز سے ملاقات کی، ان کی خدمات کو سراہا اور موثر انداز میں مہم جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ڈاکٹر حاجی عبدالرؤف رند نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کیلئے فیلڈ ورکرز کی ذمہ دارانہ کارکردگی اور والدین کا تعاون نہایت اہم ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں اور مہم کو کامیاب بنانے میں محکمہ صحت کی ٹیموں سے تعاون کریں۔

بقیہ 58

کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر نمایاں شخصیات میں میر نادر خان بھیو، عقیل عباس سومرو، میر عمر خان بھیو، تحصیل صدر پاکستان پیپلز پارٹی شکارپور مقبول سدھایو، ضلعی ہاری کمیٹی کے صدر ممتاز عرف پپو بھیو، سٹی جنرل سیکرٹری اے کے لاشاری، اقلیتی رہنما گورل داس، ڈسٹرکٹ چیئرمین زکواۃ شکارپور رئیس عمران خان ناپر، کونسلر لالا سرفراز خان پٹھان، آغا ساجد پٹھان، مشتاق احمد، ایاز احمد ابڑو، ودیگر ضلع، تحصیل اور سٹی کے رہنماؤں نے بھی بھرپور شرکت کی اور تقریب میں خواتین ونگ شکارپور کی رہنماؤں بھی موجود تھیں۔تقریب کے آخر میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور محترم فیاض محمود شیخ صاحب سمیت دیگر شرکاء نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو سالگرہ کی پرخلوص مبارکباد پیش کی، ان کی صحت، سلامتی اور درازی عمر کے لیے خصوصی دعائیں مانگیں اور پارٹی مشن کے لیے عزم نو کا اعادہ کیا۔

بقیہ 59

مغرب وعشاء جامع مسجد سیدیاں والی سرکار روڈ میلسی میں ہوگا۔محفل میں خصوصی خطاب فقیہ العصر حضرت فقیر بھرم شاہ وارثی فرمائیں گے، جبکہ خصوصی آمد حضرت پیر طیر ارشاد وارثی اور حضرت حامد شاہ وارثی کی ہوگی۔محفل میں تلاوت کی سعادت علی حمزہ قادری حاصل کریں گے،نعت خوانی کے فرائض قاری محمد جمیل سعیدی سرکار روڈ والے ادا کریں گے، جبکہ حافظ ذیشان نورانی اور حافظ تمار رضا قادری بھی شرکت فرمائیں گے۔منتظمین منتظر توفیق رضا وارثی اور حاجی محمد شہباز نورانی نے بتایا کہ محفل کے اختتام پر لنگر کا وسیع انتظام کیا گیا ہے۔تمام عاشقان رسول سے شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔

بقیہ 60

فائرنگ کر کے ایک ماہ قبل ریٹائرڈ ہونے والے پولیس اہلکار ظفر سنجرانی کو گولیاں مار کر قتل کر دیا اور فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس اور ورثاء جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور لاش کو اسپتال منتقل کیا گیا جہاں سے ضروری قانونی کاغذی کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی لاش گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا مقتول ظفر کے ورثاء کا کہنا ہے کہ کچھ عرصہ قبل پولیس مقابلے میں بھنگوار برادری کے تین شخص مارے گئے تھے جس کا الزام ہم پر لگایا گیا تھا ہم نے بھنگوار برادری کے سردار کے پاس جا کر صفائی پیش کی تھی جس کے باوجود ہمارے ساتھی کو بے گناہ قتل کر دیا گیا ہے مسلح افراد کے ہاتھوں ریٹائرڈ پولیس اہلکار ظفر سنجرانی کے قتل کے واقعے کے بعد ایس ایس پی کندھ کوٹ محمد مراد گھاکھرو کی قیادت میں کچے میں قاتلوں کی گرفتاری کے لیے آپریشن کیا گیا ملزم فریق پولیس کے آنے سے پہلے گھر خالی کر کے فرار ہو گئے ایس ایس پی محمد مراد گھاکھرو کا کہنا ہے کہ قاتلوں کی گرفتاری تک ہر حال میں آپریشن جاری رہے گا آخری اطلاع تک پولیس مذکورہ واقعہ کا مقدمہ درج نہ کرسکی

بقیہ 61

کر کے متعلقہ دستاویزات کے ہمراہ سوشل ویلفیئر آفس گوادر میں جمع کرائیں۔انہوں نے بالخصوص زر ماہی گیر اتحاد گوادر ٹاؤن، باتیل ماہی گیر اتحاد گوادر ٹاؤن، کاروان ماہی گیر اتحاد گوادر ٹاؤن، گوادر ماہی گیر اتحاد گوادر ٹاؤن اور متحدہ ماہی گیر اتحاد گوادر ٹاؤن سمیت دیگر غیر رجسٹرڈ ماہی گیر تنظیموں سے کہا ہے کہ مقررہ مدت کے اندر رجسٹریشن کا عمل مکمل کریں ان کا کہنا تھا کہ رجسٹریشن کا مقصد ماہی گیر تنظیموں کی فلاحی سرگرمیوں کو باقاعدہ قانونی وانتظامی دائرہ کار میں لانا اور ماہی گیروں کی فلاح و بہبود کیلئے موثر انداز میں کام کرنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 62

کی گئی۔اجلاس کی کارروائی اور انتظامی معاملات سے متعلق رپورٹ سیکرٹری پروفیسر سرفراز علی سومرو نے پیش کی۔اجلاس کے دوران پیش کی گئی مختلف تجاویز پر غور کیا گیا اور کلب کے بہتر انتظام اور ترقی کے لیے ضروری فیصلوں اور سفارشات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔انتظامی کارکردگی، مالی نظم وضبط، صفائی ستھرائی، سیکیورٹی، عمارت کی دیکھ بھال، ممبران کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ انتظامی کمیٹی نے کلب کی بہتری، موثر انتظام اور ممبران کی فلاح و بہبود کے حوالے سے اپنی قیمتی آراء اور تجاویز پیش کیں۔کلب کے آئین وضوابط پر عملدرآمد، شفافیت اور باہمی تعاون کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔اس موقع پر چیئرمین نثار محمد مراد بھٹو نے اپنے خطاب میں کہا ہے کہ کلب کے آئین وضوابط پر مکمل عملدرآمد، نظم وضبط اور ممبران کو سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، کلب کی ترقی اور انتظامی نظام کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔اجلاس کے بعد ممبران کے لیے رات کے کھانے کا اہتمام حافظ مشتاق علی کوریجو کی جانب سے کیا گیا تھا، اجلاس میں شریک عہدیداران اور انتظامی کمیٹی ممبران میں پروفیسر سرفراز علی سومرو، شہزادہ علی چنہ، حاجی عبدالخالق بھٹو، حافظ مشتاق علی کوریجو، ایڈووکیٹ اللہ ڈنو بھٹو، غلام اکبر ناریجو، عنایت اللہ بھٹو، رام چند ناگدیو اور دیگر نے شرکت کی۔آخر میں کلب کی ترقی، اتحاد، کامیابی اور تمام ممبران کی خوشحالی کے لیے دعا کی گئی۔

بقیہ 63

میں ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ، ڈپٹی ڈی ایچ او محسن، ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ ڈاکٹر ارسلان بلوچ، ڈاکٹر احسان اللہ، یونین کونسل مینجمنٹ آفیسرز، ڈسٹرکٹ مانیٹرز، ڈبلیو ایچ او مانیٹرز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی، مختلف علاقوں میں جاری سرگرمیوں اور ٹیموں کی جانب سے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر متعلقہ افسران کی جانب سے مہم کی مجموعی صورتحال اور فیلڈ میں درپیش مسائل سے بھی اجلاس کو آگاہ کیا گیا۔

بقیہ 64

چیئرمین زکواۃ کمیٹی شکارپور رئیس عمران خان ناپر، انجمن تاجران شکارپور کے عہدیداران اور دیگر معززین بھی ان کے ہمراہ تھے۔اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور فیاض محمود شیخ نے کہا کہ سندھ حکومت کی خصوصی مہربانی سے شکارپور شہر کے باسیوں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے شہر کو کروڑوں روپے کی جدید ترین ہارس پاور والی فائر بریگیڈ گاڑی فراہم کرائی گئی ہے، جو کسی بھی ہنگامی صورتحال یا ناگہانی حادثے کے وقت آگ بجھانے میں انتہائی کارآمد ثابت ہوگی۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے اور شکارپور کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے ایسے اقدامات کا سلسلہ مستقبل میں بھی بھرپور طریقے سے جاری رہے گا۔اس موقع پر تقریب کے شرکاء اور شہریوں نے چیئرمین فیاض محمود شیخ اور سندھ حکومت سمیت محکمہ لوکل گورنمنٹ سندھ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس اقدام کو ایک تاریخی اور خوش آئند قدم قرار دیا۔

بقیہ 65

۔کارروائی کے دوران وحید ولد پنھل خان، سفیر ولد عطور، سونا خان ولد راجہ خان اور عرفان ولد امیر بخش کو گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم وحید نقب زنی اور گھروں میں چوری کی وارداتوں میں ملوث اور مختلف مقدمات میں مطلوب تھا جس کے قبضے سے ماسٹر چابی برآمد ہوئی۔ملزم سفیر کے قبضے سے بغیر لائسنس ٹی ٹی پسٹل بمعہ میگزین برآمد کیا گیا جبکہ سونا خان کو پولیس نے پیشہ ور مجرم قرار دیتے ہوئے بتایا کہ وہ تھانہ منجھوشوری کو مطلوب تھا۔ملزم عرفان ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث بتایا گیا ہے۔پولیس نے ملزمان کے قبضے سے وارداتوں میں استعمال ہونے والی تین موٹرسائیکلیں برآمد کیں جبکہ چندروز قبل شہری سے چھینی گئی سی ڈی (70) موٹرسائیکل بھی برآمد کرلی گئی۔ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر نے پولیس ٹیموں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

وندر، میر علی حسن زہری اور سردار اختر جان انگاریہ وندر میں گرینڈ شمولیتی جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کے سینئر رہنماء اور ورکرز کے ساتھ گروپ فوٹو

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے 32 اضلاع میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز

بلوچستان بھر میں 23 لاکھ بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے

کوئٹہ(سٹاف رپورٹر) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن نے ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان میں منعقدہ افتتاحی تقریب کے دوران بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے اس موقع پر سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن اور کوآرڈینیٹر ای او سی انعام الحق نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اس 7 روزہ مہم کے دوران بلوچستان بھر میں 23 لاکھ بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر میں گزشتہ 24 ماہ سے پولیو کا کوئی نیا کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے، تاہم اس وقت سب سے بڑا چیلنج ماحولیات میں وائرس کی (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

پسنی، ضلعی ایجوکیشن آفیسر تعلیم گوادر کا تحصیل پسنی کا دورہ

زاہد حسین بلوچ نے محکمہ تعلیم بلوچستان اور یونیسیف کے زیر اہتمام جاری 16 روزہ اساتذہ تربیتی ورکشاپ کا دورہ بھی کیا

پسنی (خ ن) ضلعی ایجوکیشن آفیسر تعلیم گوادر زاہد حسین بلوچ نے تحصیل پسنی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول مستانی ریک بازار کا معائنہ کرتے ہوئے جاری ترقیاتی منصوبوں، تعلیمی سہولیات اور درس و تدریس کی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا جہاں پر اسکول کے ہیڈ ماسٹر عبدالخالق نے ضلعی ایجوکیشن آفیسر کو ادارے کے تعلیمی امور، طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں، (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

چمن میں بھی 7 روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز

چمن (خ ن) ضلع چمن میں 7 روزہ انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز بلوچستان بھر کی طرح ضلع چمن میں بھی 7 روزہ انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے اپنے دفتر میں بچوں کو پولیو (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گرانفروشی پر 10 قصاب گرفتار

گرانفروشی و ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ نے گرانفروشی کرنے والے دس قصاب گرفتار کرلئے ضلعی انتظامیہ کے مطابق عوامی شکایات پر گوالمنڈی چوک، سرکی روڈ اور خدائے داد روڈ پر قیمتوں کی جانچ پڑتال کی گئی جس میں مقررہ نرخوں سے زائد قیمت پر گوشت فروخت کرنے اور گرانفروشی میں ملوث 10 قصابوں کو گرفتار کرلیا (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ گرانفروشی کرنے والے قصابوں کو گرفتار کرکے تھانے لے جارہی ہے

فیلڈ مارشل بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے 30 ہزار نوکریاں دینے کی ہدایت کی ہے، علی حسن زہری

صدر پاکستان آصف علی زرداری کے ترقیاتی وژن کے تحت اربوں لاگت کی جیٹی، ایگریکلچر بورز، ہینڈ پمپس فش فارمنگ کا قیام اور نوکریاں دیں گے

اسکول بچوں کے لئے بس 15 دن میں فراہم کی جائے گی۔ اربوں روپے لاگت سے لسبیلہ کینال تعمیر ہوگی، شمولیتی جلسہ سے خطاب

سونمیانی وندر (نمائندہ بلوچستان آبزرور) فیلڈ مارشل چیف پُرامن بلوچستان کے خواہاں ہے بلوچستان نوجوانوں کے لئے 30 ہزار نوکریاں دینے کی ہدایت کی ہے صدر پاکستان آصف علی زرداری کے ترقیاتی وژن کے تحت اربوں لاگت کی جیٹی، ایگریکلچر بورز، ہینڈ پمپس فش فارمنگ کا قیام اور نوکریاں دیں گے۔ میر علی حسن زہری کا شمولیتی جلسہ عام کے موقع پر خطاب۔ انہوں نے کہا کہ یہ حیرت کی بات ہے (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

کیچ میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا

تربت (خ ن) ضلع کیچ میں چار روزہ انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں ٹیچنگ ہسپتال تربت میں افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جہاں ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈسٹرکٹ (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر گوادر پانچ سالہ بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر گوادر میں قومی انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

گوادر میں پانچ سال تک عمر کا کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطروں سے محروم نہیں رہنا چاہیے

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے پانچ سالہ بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع گوادر میں قومی انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع گوادر میں پانچ سال تک عمر کا کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطروں سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ مؤثر رابطہ کاری، جامع نگرانی اور بروقت اقدامات کے ذریعے مہم کو کامیاب بنایا جائے۔ انہوں نے والدین، (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر، یونیسف کوآرڈینیٹر، تمام متعلقہ ڈی ڈی اوز (میل/فیمیل) اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم سے متعلق ریشنلائزیشن ڈیٹا، غیر حاضر ملازمین کا ریکارڈ اور نئے کنٹریکٹ ملازمین کا ڈیٹا پیش کیا گیا

حکومتِ بلوچستان اور ناروے کی یونیورسٹی کے HISP سینٹر کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

معاہدے کے تحت بلوچستان میں DHIS 2 کے نفاذ کو مزید وسعت دی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) محکمہ صحت، حکومتِ بلوچستان اور ناروے کی ممتاز یونیورسٹی آف اوسلو کے HISP سینٹر کے درمیان بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ نظام کو مزید مستحکم بنانے، DHIS2 کے مؤثر نفاذ، مقامی اختراعات، تحقیق اور تکنیکی استعداد کار کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

سردار اختر جان انگاریہ نے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی

پیپلز پارٹی مسکینوں شہیدوں کی جماعت ہے پڑھے لکھے لوگوں کو میرٹ کی بنیاد پر روزگار ملنا چاہیے

سونمیانی وندر (نمائندہ بلوچستان آبزرور) وندر میں گرینڈ شمولیتی جلسہ انگاریہ قبائل ومنسلک برادریوں کے سربراہ سردار اختر جان انگاریہ نے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی۔ اس موقع پر سردار اختر جان انگاریہ نے کہا کہ پیپلز پارٹی جمہوری پارٹی اور شہیدوں کی جماعت ہے صدر پاکستان آصف علی زرداری کے ترجمان میر علی حسن زہری کی قیادت میں پارٹی کافی مقبول (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کا جعفرآباد میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ضلع جعفرآباد میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو منصوبوں کی بروقت تکمیل، تعمیراتی معیار اور کام کی رفتار کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔

جائز مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائیگی، نور محمد دمڑ

عوامی خدمت اور لوگوں کے مسائل کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

جائز مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی وزیر کموڈیٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے ان کے دفتر میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں اور عوامی وفود نے ملاقات کی اور اپنے درپیش مسائل و مشکلات سے آگاہ کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے عوام کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو سنجیدگی سے سنا اور متعلقہ امور پر تفصیلی غور کیا۔ انہوں نے بعض مسائل کے حل کیلئے موقع پر ہی متعلقہ (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے 32 اضلاع میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز

بلوچستان بھر میں 23 لاکھ بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے

کوئٹہ(سٹاف رپورٹر) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن نے ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان میں منعقدہ افتتاحی تقریب کے دوران بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے اس موقع پر سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن اور کوآرڈینیٹر ای او سی انعام الحق نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اس 7 روزہ مہم کے دوران بلوچستان بھر میں 23 لاکھ بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر میں گزشتہ 24 ماہ سے (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی محمد ہاشمی کے والد حاجی عبدالواحد کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

کوئٹہ میں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کی پروقار تقریب

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے پرمسرت موقع پر ایک پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں پارٹی کے صوبائی قائدین، عہدیداروں نے شرکت کرکے اپنے قائد سے محبت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ تقریب میں پی پی پی کے مرکزی رہنما وصوبائی (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

ملک کو بدترین بحرانوں سے نکالنے کیلئے قومی اتفاق رائے ناگزیر ہے، سید امان شاہ

سیاسی قوتوں اور قومی اداروں کا ایک پیج پر ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صوبائی صدر

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ ملک اس وقت مختلف نوعیت کے سنگین بحرانوں کا شکار ہے، جن سے نمٹنے کیلئے قومی سطح پر اتفاق رائے اور مشترکہ حکمت عملی کی اشد ضرورت ہے۔ سیاسی قوتوں، قومی اداروں اور تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کا ایک پیج پر ہونا موجودہ حالات کا اہم تقاضا ہے، کیونکہ باہمی اختلافات اور محاذ آرائی سے ملک کو مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ صحافیوں کے ایک گروپ سے بات (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

نور محمد دمڑ سے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں اور عوامی وفود کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے ان کے دفتر میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں اور عوامی وفود نے ملاقات کی اور اپنے درپیش مسائل (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

پسنی، اساتذہ کی 16 روزہ تربیتی نشست کا آغاز

تربیت کے دوران اساتذہ کو انگریزی، اردو، ریاضی اور جدید تدریسی طریقہ کار (پیڈا گوجی) کے حوالے سے عملی و علمی تربیت فراہم کی جارہی ہے

پسنی (خ ن) حکومت بلوچستان کی تعلیمی پالیسی کے تحت ضلع گوادر میں معیاری تعلیم کے فروغ، تدریسی معیار میں بہتری اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کیلئے محکمہ تعلیم کی جانب سے مختلف اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، اسی سلسلے میں گوادر پبلک اسکولز اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ (GPE) اور یونیسیف (UNICEF) کے تعاون سے سینٹر فار پروفیشنل ڈویلپمنٹ (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے کارکردگی سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام کا گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول کوہ سر بازار کا دورہ

جیوانی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام نے گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول کوہ سر بازار کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں، اساتذہ کی حاضری اور اسکول کے نظم و ضبط کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

مزدور دوست اقدامات کے تحت لیبر کالونی ایسٹرن بائی پاس کے فلیٹس واگزار، نواں کلی میں بھی کارروائی جاری

ان کی قیادت میں ورکرز کی فلاح و بہبود اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے متعدد مزدور دوست اقدامات جاری ہیں

کوئٹہ (نمائندہ خصوصی) سیکریٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان جناب عبدالستار بگٹی کی خصوصی ہدایات پر ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان کے اسٹیٹ سیکشن کی جانب سے لیبر کالونی ایسٹرن بائی پاس میں اہم کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تمام فلیٹس غیر مجاز قبضوں سے مکمل طور پر واگزار کرا لیے گئے ہیں اس کارروائی میں اسٹیٹ آفیسر مسعود خان ترین، ریکوری انسپکٹر پیر محمد کاکڑ، ریکوری انسپکٹر مجا خان، حاجی علی اکبر شوانی اور ریکوری انسپکٹر ادریس احمد لانگو، ریکوری انسپکٹر اکبر (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد 24 ستمبر کو ہوگی

مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں ان پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی

کوئٹہ (پ ر) نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد بمقام دفتر نیب (بلوچستان) واقع شاہراہ گلستان، کوئٹہ کینٹ صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی صنعتی ترقی میں ضلع حب ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ بلوچستان کی صنعتی ترقی میں ضلع حب ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے کوئٹہ میں رول آؤٹ کے بعد حکومت بلوچستان نے صنعتی ضلع حب میں ڈیجیٹل نگرانی کے بنیادی ڈھانچے کو تعینات کرنے کیلئے تکنیکی اقدامات کیے ہیں

جیکب آباد سمیت سندھ بھر میں سندھ کے قائد علامہ راشد محمود سومرو کے عوامی رابطہ مہم کا شیڈول جاری

جیکب آباد میں 17 اور 18 نومبر کو تنظیمی سرگرمیاں اور عوامی جلسہ منعقد کیا جائے گا

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلبانی) جمعیت علماء اسلام سندھ کی جانب سے صوبے بھر میں عالمی پیس کانفرنس کی کامیابی کیلئے عوامی رابطہ مہم، تنظیمی اجلاس، اور عوامی اجتماعات کا شیڈول جاری کردیا گیا ہے۔ جمعیت علماء اسلام سندھ کے قائد علامہ راشد محمود سومرو کی قیادت میں صوبائی قیادت مختلف اضلاع کا دورہ کرے گی، جہاں (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی نصیرآباد پولیس کی کارروائی

چابی چور سمیت 4 ملزمان گرفتار 3 موٹر سائیکلیں اور غیر قانونی اسلحہ برآمد

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) نصیرآباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے چابی چور سمیت چار ملزمان کو گرفتار کرکے ڈکیتی میں چھینی گئی موٹر سائیکل سمیت تین موٹر سائیکلیں، ماسٹر چابی اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایس پی سٹی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کی (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

جمہوری احتجاج کی کال سے 10 دن پہلے سیاسی گرفتاریاں، چھاپے قابل مذمت ہیں، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں ملک کے اندر آئینی، سیاسی، جمہوری احتجاج کی کال سے 10 دن پہلے سیاسی گرفتاریاں، چھاپے، خوف وہراس دراصل ملک (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

جمعیت کوئٹہ کی ضلعی مجلس عمومی کا اجلاس 8 اکتوبر کو منعقد ہوگا، مولانا رفیق

اجلاس کے لیے دعوت نامے تیار کیے جاچکے ہیں جو متعلقہ یونٹوں کے ذریعے اراکینِ عمومی تک بروقت پہنچائے جائیں گے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم حلیمی، حاجی ولی محمد بڑیچ صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ جمعیت (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

سیکرٹری صحت بلوچستان کی زیر صدارت پولیو مہم کے جائزے اور آئندہ پولیو مہم کے حوالے سے اہم اجلاس

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن پانیزئی کی زیر صدارت گزشتہ پولیو مہم کے جائزے اور آئندہ پولیو مہم کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبائی کوارڈینیٹر ای او سی انعام الحق، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان انفارمیشن کمشنر عبدالشکور ملاقات کررہے ہیں

پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، وریندر لعل

عالمی ادارہ صحت WHO کے نمائندہ ڈاکٹر عبدالسمیع نے بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے آج بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کیلئے بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع نصیرآباد میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیرآباد ڈاکٹر ایاز حسین جمالی اور عالمی ادارہ صحت WHO کے نمائندہ ڈاکٹر عبدالسمیع نے بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

جھل مگسی، موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

گنداواہ (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے پنجک روڈ پر پولیس تھانہ سٹی جھل مگسی کی حدود میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو شدید زخمی کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں غلام مصطفیٰ ولد (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل بچے کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لئے قطرے پلا کر افتتاح کررہے ہیں

عوامی مسائل سے آگاہی اور ان کے حل کیلئے شہریوں سے مسلسل رابطہ ضروری ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

شہریوں نے بنیادی سہولیات اور دیگر عوامی مسائل سے متعلق اپنی گزارشات پیش کیں

رکن صوبائی اسمبلی گوادر سے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ملاقات، اپنے مسائل، مشکلات اور عوامی نوعیت کے امور سے آگاہ کیا

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی رہائش گاہ پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ملاقات کی اور انہیں اپنے مسائل، مشکلات اور عوامی نوعیت کے امور سے آگاہ کیا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے بزرگوں، نوجوانوں، بچوں اور دیگر شہریوں سے فرداً فرداً ملاقات کرتے ہوئے ان کے مسائل اور تجاویز سنیں اور مختلف امور پر گفتگو کی۔ شہریوں نے بنیادی سہولیات اور دیگر (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

غوث اعظم پاکؓ کی یاد میں سالانہ عظیم الشان اجتماع غوثیہ فیضان مدینہ کراچی میں منعقد ہوگی

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) دعوت اسلامی کل 23 ستمبر بروز بدھ 10 ربیع الثانی کو پیران پیر دستگیر سیدنا غوث اعظم پاک رحمۃ اللہ علیہ کی یاد میں سالانہ عظیم الشان اجتماع غوثیہ فیضان مدینہ کراچی میں منعقد کررہی ہے۔ جس میں دعوت اسلامی کے بانی وامیر، امیر اہلسنت (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

ہماری جدی پشتی زمینیں صدیوں سے ہمارے خاندان کی ملکیت اور زیرِ استعمال ہیں، سعید احمد کہدانی

تمام معاملات باہمی احترام، قبائلی روایات اور گفت وشنید کے ذریعے حل کیے جائیں

نوکنڈی (نامہ نگار/ظفر بلوچ) نوکنڈی کے قبائلی رہنما میر سعید احمد کہدانی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ نوکنڈی کے ایریا میں واقع نخلستان کے سامنے سامنے ہمارا ایریا سی پیک روڈ تک ہماری جدی پشتی زمینیں صدیوں سے ہمارے خاندان کی ملکیت اور زیر استعمال ہیں، جہاں ہمارے آباؤ اجداد نے اپنی محنت سے نخلستان آباد کیے اور آج بھی (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

نوڈیرو، بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کی پروقار تقریب

تقریب کے مہمانِ خصوصی پاکستان پیپلز پارٹی لیڈیز ونگ کی مرکزی صدر فریال تالپور تھیں

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کی پروقار تقریب بھٹو ہاؤس نوڈیرو پر منائی گئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی پاکستان پیپلز پارٹی لیڈیز ونگ کی مرکزی صدر فریال تالپور تھیں۔ تقریب میں ضلع لاڑکانہ کے صدر ایم این اے خورشید احمد جونیجو، ڈسٹرکٹ کونسل لاڑکانہ کے چیئرمین، و جنرل سیکرٹری اعجاز احمد لغاری، ایڈووکیٹ دیدار علی بھٹو، سید ارشد شاہ، محمد انور بڑرو، سرفراز میرانی، ممتاز چھوواں، زاہد جلبانی (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر کی خصوصی ہدایات واحکامات پر پولیس تھانہ منجھو شوری کی کارروائی

قبضے سے ایک عدد غیر قانونی ٹی ٹی پسٹل بمعہ میگزین 04 زندہ راؤنڈ برآمد کرکے مزید کارروائی شروع کردی

نصیرآباد (نامہ نگار راضی خان مری) ایس ڈی پی او سرکل تمبو امیر جان مگسی کی زیر نگرانی ایس ایچ او پولیس تھانہ منجھو شوری انسپکٹر محمد خان محمد حسنی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ اہم کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ملزم عامر علی ولد محمد علی ملوک قوم مگسی کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے ایک عدد غیر قانونی ٹی ٹی پسٹل بمعہ میگزین 04 زندہ راؤنڈ برآمد کرکے مزید کارروائی شروع کردی۔

ایس ایچ او پولیس تھانہ منجھو شوری انسپکٹر محمد خان محمد حسنی کی اپنی ٹیم کے ہمراہ اہم کارروائی ملزم گرفتار

تربت، انسدادِ پولیو مہم کی پیش رفت اور اسے کامیابی سے مکمل کرنے کے حوالے سے جائزہ اجلاس

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ضلع کیچ میں جاری چار روزہ انسدادِ پولیو مہم کی پیش رفت اور اسے کامیابی سے مکمل کرنے کے حوالے سے جائزہ اجلاس ڈی سی آفس تربت میں منعقد ہوا۔ اجلاس (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

عوام کی جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، فیاض محمود شیخ

چیئرمین میونسپل کمیٹی شکار پور کی کاوشوں سے شکار پور کیلئے ایک نئی مکمل ہارس پاور فائر بریگیڈ گاڑی فراہم کردی گئی

شکار پور (رپورٹ شاہد گولہ) چیئرمین میونسپل کمیٹی شکار پور فیاض محمود شیخ نے فیتہ کاٹ کر نئی اور جدید ہارس پاور فائر بریگیڈ گاڑی کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر چیف میونسپل افیسر عابد لطیف راجپوت، ایڈمنسٹریٹو آفیسر سینیٹیشن عارف شیخ، کونسلر لالا سرفراز خان پٹھان، ڈسٹرکٹ (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

شہید رانی محترمہ بینظیر بھٹو سٹیزن کلب نوڈیرو کی انتظامی کمیٹی کا 107 واں ماہانہ اجلاس

کلب کے آئین وضوابط پر مکمل عملدرآمد، نظم وضبط اور ممبران کو سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) شہید رانی محترمہ بینظیر بھٹو سٹیزن کلب نوڈیرو کی انتظامی کمیٹی کا 107 واں ماہانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت کلب کے چیئرمین نثار محمد مراد بھٹو سٹیزن کلب کے صدر پروفیسر احمد بخش کٹپر نے مشترکہ طور پر کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے کیا گیا، اس کے بعد شہید رانی محترمہ بینظیر بھٹو کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور دعا (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

پولیو کے خاتمے کیلئے فیلڈ ورکرز کی ذمہ دارانہ کارکردگی اور والدین کا تعاون نہایت اہم ہے، ڈاکٹر عبدالرؤف

تربت (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ نے ستمبر 2026ء کی پولیو مہم کے پہلے روز تحصیل تربت کی یونین کونسل تربت سٹی کا دورہ کیا اور مختلف پولیو (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

سماجی بہبود کے اقدامات کو مزید مؤثر بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، شگفتہ گل عمرانی

عوامی شکایات اور مسائل کے ازالے کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کیا جارہا ہے

نصیرآباد (نامہ نگار) اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شگفتہ گل عمرانی نے کہا ہے کہ محکمہ سوشل ویلفیئر عوامی فلاح و بہبود اور مستحق افراد کی معاونت کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے رہا ہے معاشرے کے کمزور اور ضرورت مند طبقات کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف اقدامات جاری ہیں انہوں نے کہا کہ خواتین، بچوں (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کی نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیر کے روز سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے گھر گئے اور ان کے انتقال پر لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کی مغفرت، درجات کی بلندی اور سوگوار خاندان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ وزیراعلیٰ میر (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

ماہی گیروں کی فلاح و بہبود کیلئے مؤثر انداز میں کام کرنے کے مواقع فراہم کرنا ہے، عیسیٰ خان

تین دن کے اندر ڈپٹی کمشنر آفس سے فراہم کردہ پروفارمہ مکمل کرکے متعلقہ دستاویزات کے ہمراہ سوشل ویلفیئر آفس گوادر میں جمع کرائیں

گوادر (خ ن) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر عیسیٰ خان نے ضلع گوادر میں ماہی گیروں کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرنے والی غیر رجسٹرڈ فلاحی تنظیموں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی تنظیم کی باقاعدہ رجسٹریشن کیلئے تین دن کے اندر ڈپٹی کمشنر آفس سے فراہم کردہ پروفارمہ مکمل (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

میلسی میں نورانی محفل بڑی گیارہویں شریف کا انعقاد 25 ستمبر کو ہوگا

میلسی (جنرل رپورٹر ذوالفقار احمد گاذر) آستانہ عالیہ نورانیہ میلسی کے زیر اہتمام ہر سال کی طرح اس سال بھی نورانی محفل بڑی گیارہویں شریف انتہائی عقیدت و احترام سے منائی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق محفل پاک کا انعقاد 25 ستمبر 2026 بروز جمعرات بعد نماز (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

شکار پور، بلاول بھٹو زرداری کی 38 ویں سالگرہ کے سلسلے میں پروقار اور شاندار تقریب

فیاض محمود شیخ صاحب نے دیگر رہنماؤں اور عہدیداروں کے ہمراہ سالگرہ کا کیک کاٹا

شکار پور (رپورٹ شاہد گولہ) تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور چیئرمین میونسپل کمیٹی شکار پور محترم فیاض محمود شیخ صاحب نے دیگر رہنماؤں اور عہدیداروں کے ہمراہ سالگرہ کا کیک کاٹا۔ تقریب میں پیپلز پارٹی کے ضلعی، تحصیل اور سٹی عہدیداران کے علاوہ (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

اگر ریاست واقعی بلوچستان میں پائیدار امن، سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی کی خواہاں ہے، مولانا عبدالواسع

بلوچستان کے مسائل اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ جن نکات پر ایک دہائی قبل سنجیدہ قومی مکالمہ ممکن تھا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ جن نکات پر ایک دہائی قبل سنجیدہ قومی مکالمہ ممکن تھا، آج وہ بھی تشویشناک حد تک پیچیدہ ہوچکے ہیں، جبکہ جن امور پر آج بات کی جاسکتی ہے، اگر یہی روش برقرار رہی تو آئندہ ان پر بھی گفتگو کی گنجائش باقی نہیں رہے گی۔ انہوں نے کہا (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر ان کے لواحقین سے تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

کندھ کوٹ میں مسلح افراد نے ریٹائرڈ پولیس اہلکار کو قتل کر دیا

قاتلوں کی گرفتاری تک ہر حال میں آپریشن جاری رہے گا آخری اطلاع تک پولیس مذکورہ واقعہ کا مقدمہ درج نہ کرسکی

کندھ کوٹ (رپورٹ/عبدالرزاق آزاد) کندھ کوٹ میں مسلح افراد نے ریٹائرڈ پولیس اہلکار کو قتل کر دیا، پولیس کا آپریشن جاری کچھ عرصہ قبل افراد کے انتقام میں قتل کیا گیا۔ کوٹ کے قریب چاکر آباد کے موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے قاتلوں کی گرفتاری کیلئے کچے میں پولیس مقابلے میں مارے گئے تین پولیس تفصیلات کے مطابق؛ کندھ نزدیک بی سیکشن تھانہ کی حدود میں (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ ڈاکٹر جمیل احمد محکمہ خزانہ کے سب اکاؤنٹنٹ کے پروموشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں